CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
امروز
www.dailyimroze.com
جلد نمبر 30 | منگل 07 جنوری 2025ء 06 رجب المرجب 1446ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ 107

حکومت اور PTI مذاکرات التعطل کا شکار، عمران نے بیرون ملک بھجوانے کی پیشکش ٹھکرا دی

تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان سے ملاقات کے بعد پی ٹی آئی مذاکراتی کمیٹی کی جانب سے تحریری چارٹر آف ڈیمانڈ سے متعلق کسی بھی فیصلے کا امکان ہے

حکومت اور تحریک انصاف کے درمیان مذاکرات ممکنہ طور پر ڈیڈ لاک کا شکار ہیں، اس حوالے سے حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ تحریک انصاف کا تحریری چارٹر آف ڈیمانڈ نہ دینا ڈیڈ لاک کی وجہ بنی

وہ منٹس بن چکی ہیں انہیں ہی تحریری مطالبات سمجھا جائے، کاغذ دینا نہ دینا فارمیلٹی ہے، ہم کسی صورت مذاکراتی عمل کو نقصان نہیں پہنچانا چاہتے، ہم یہاں انتہائی مثبت فیصلوں کیلئے بیٹھے ہیں

اسلام آباد (آئی پی ایس) تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان سے ملاقات کے بعد پی ٹی آئی مذاکراتی کمیٹی کی جانب سے تحریری چارٹر آف ڈیمانڈ سے متعلق کسی بھی فیصلے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حکومت اور تحریک انصاف کے درمیان مذاکرات ممکنہ طور پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

عمران خان، بشریٰ بی بی کیخلاف 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس کا فیصلہ ایک بار پھر مؤخر

عدالتی عملے نے بانی پی ٹی آئی کے وکیل خالد یوسف چودھری کو آگاہ کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کیخلاف 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس کا فیصلہ ایک بار پھر مؤخر کر دیا گیا۔ عدالتی عملے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

سابق ڈپٹی اسپیکر رولنگ کیس، سپریم کورٹ کے آئینی بینچ کا پرویز الٰہی کو نوٹس

پرویز الٰہی کی طرف سے کون پیش ہوگا، پرویز الٰہی بھی کیس میں فریق ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سابق ڈپٹی اسپیکر رولنگ کیس میں سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے پرویز الٰہی کو نوٹس جاری کر دیا۔ آئینی بینچ نے پرویز الٰہی کو نوٹس حمزہ شہباز نظر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق حکومت اور تحریک انصاف کی کمیٹیوں کے درمیان منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انسانی سمگلرز کو نشان عبرت بنایا جائے، وزیراعظم

جائیدادیں اور اثاثے ضبط کرنیکا حکم

سمگلروں کے سہولت کار سرکاری افسران کے خلاف کارروائیوں کا آغاز خوش آئند، جائیدادوں اور اثاثوں کی ضبطگی کیلئے فوری قانونی کارروائی، سخت تعزیری اقدامات بھی لیے جائیں

دفتر خارجہ بیرون ملک سے انسانی سمگلنگ کا دھندہ چلانے والے پاکستانیوں کیلئے متعلقہ ممالک سے رابطہ کرے اور انکی پاکستان حوالگی کے حوالے سے جلد از جلد اقدامات اٹھائے، اجلاس سے خطاب

انسانی سمگلروں کی جائیدادوں اور اثاثوں کی ضبطگی کیلئے فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، اس مکروہ دھندے میں ملوث تمام افراد کے خلاف استغاثہ کے عمل کو مزید موثر بنایا جائے

اسلام آباد (آئی پی ایس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک میں تمام انسانی اسمگلنگ کے گروہوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے تاکہ وہ نشان عبرت بنیں، وزیراعظم سے جاری بیان کے مطابق اپنی زیر صدارت ملک میں انسانی اسمگلنگ کے خلاف لیے گئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

کراچی: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی اور خصوصی اقدام احسن اقبال سندھ سیکریٹریٹ میں میڈیا کو بریفنگ کر رہے ہیں

مریم نواز کا سرکاری زمینوں پر قابض مافیا کے خلاف گرینڈ آپریشن کا حکم

متعلقہ حکام کسی بھی دباؤ اور سیاسی اثر کو خاطر میں لائے بغیر سرکاری زمینیں واپس لیں

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر محکمہ جنگلات نے تحصیل خانپور میں بڑی کارروائی کر کے 190 ایکڑ اراضی واگزار کرالی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب بھر میں سرکاری زمینوں پر قابض مافیا کے خلاف گرینڈ آپریشن کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے متعلقہ حکام کو کسی بھی دباؤ اور سیاسی اثر کو خاطر میں لائے بغیر سرکاری زمینیں واپس کرانے کی ہدایت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

اسحٰق ڈار کا آئندہ ماہ ملائیشیا اور بنگلہ دیش کا دورہ متوقع

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحٰق ڈار کا آئندہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ اور محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب سے پاپولیشن کونسل کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

بانی پی ٹی آئی چوری کا تسلی بخش جواب دیں گے تو رہا ہو جائیں گے، حسن اقبال

حکومت سنجیدگی اور خلوص نیت کے ساتھ مذاکرات کر رہی ہے، کامیابی کا دارومدار مطالبات پر ہے، پریس کانفرنس

اگر مطالبات ایسے ہوئے جو حکومت پورے کر سکتی ہوئی تو حکومت ضرور پورے کرے گی، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی اس لیے قید ہیں کہ وہ رسیدیں نہیں دکھا سکے۔ اگر وہ 50 ارب روپے چوری کا تسلی بخش جواب دیں گے تو رہا ہو جائیں گے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے یہاں پریس کانفرنس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

پاک سعودیہ عوام کے دل یکساں دھڑکتے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب

وزیراعلیٰ پنجاب سے سعودی عرب کے صوبہ حفر الباطن کے سابق گورنر شہزادہ منصور کی ملاقات

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا ہے کہ سعودی عرب بڑا بھائی ہے، دونوں ممالک کے عوام کے دل یکساں دھڑکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب سے سعودی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد میں واقع فلیٹ سے جرمن سفارت کار کی لاش برآمد

اسلام آباد ( ) وفاقی دارالحکومت میں واقع ڈپلومیٹک انکلیو کے فلیٹ سے جرمن سفارتکار کی لاش برآمد ہوئی، پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

طلبہ بہکاوے میں نہ آئیں، کسی کا ایندھن مت بنیں: مریم نواز

ملتان (آئی پی ایس) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ طلباء جلاؤ گھیراؤ کے بہکاوے میں نہ آئیں، کسی کا ایندھن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

فیس لیس اپریزمنٹ سسٹم گٹھ جوڑ توڑ نے کیلئے ہے: علی پرویز ملک

کاروباری شخصیات نے اس فیس لیس اپریزمنٹ کی کاوش کو سراہا ہے

اسلام آباد (آئی پی ایس) وزیر مملکت برائے خزانہ علی پرویز ملک کا کہنا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں ایف بی آر میں بہتری نظر آئے گی، انہوں نے کہا کہ فیس لیس اپریزمنٹ سسٹم گٹھ جوڑ توڑ نے کے لیے ہے۔ وزیر مملکت برائے خزانہ کا کہنا ہے کہ جو لوگ قانون میں رہ کر کام کرنا چاہتے ہیں انہوں نے اس سسٹم کو سراہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

پاکستان کی کاربن پالیسی سے دیگر ممالک فائدہ اٹھا سکتے ہیں: روبینہ خورشید عالم

گندا پانی پینے سے لوگ بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں

اسلام آباد (آئی پی ایس) وزیراعظم شہباز شریف کی کوآرڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی روبینہ خورشید عالم نے کہا ہے کہ پاکستان کی کاربن پالیسی سے مطلے کے دیگر ممالک فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کنوینر شاہزیب درانی کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں ڈی جی انوائرمینٹل پروٹیکشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

ماضی میں بھٹو کو نہیں ملک کے مستقبل کو پھانسی دی گئی: شرجیل میمن

آج پاکستان کے پاس جو آئین قانون ہے تو وہ بھٹو کی وجہ سے ہے

کراچی: (آئی پی ایس) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ماضی میں بھٹو کو پھانسی نہیں بلکہ پاکستان کے مستقبل کو پھانسی دی گئی۔ سندھ اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اطلاعات شرجیل انعام میمن نے کہا کہ بھٹو کی سالگرہ پر خراج عقیدت پیش کرنے کی اس قرارداد پر جتنی بات کی جائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پی ٹی آئی سیاسی اور کور کمیٹی مذاکراتی عمل میں آن بورڈ ہے، اسد قیصر

ہم سمجھتے ہیں کہ اس وقت اپنی انا سے بڑھ کر پاکستان ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سیاسی اور کور کمیٹی مذاکراتی عمل میں آن بورڈ ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں انہوں نے بتایا کہ گزشتہ روز پارلیمانی پارٹی کا اجلاس ہوا جہاں ممبران کو مذاکراتی عمل سے آگاہ کیا گیا۔ اسد قیصر نے کہا کہ پی ٹی آئی سیاسی اور کور کمیٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

غیر قانونی اسلحہ و شراب برآمدگی کیس، عدم پیشی پر علی امین گنڈاپور کو گرفتار کر کے پیش کرنیکا حکم

نہ ملزم پیش ہوا اور نہ ہی وکیل پیش ہوا ہے، جج کا برہمی کا اظہار، جوڈیشل مجسٹریٹ مبشر حسن نے غیر قانونی اسلحہ اور شراب برآمدگی کیس کی سماعت کی

انسداد دہشت گردی عدالت کے فیصلے کے مطابق 30 مقدمات میں سیکشن 87 کے تحت وارنٹ گرفتاری اور اشتہاری قرار دیئے جانے کی کارروائی کا حکم دیا گیا تھا

اسلام آباد (آئی پی ایس) اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے غیر قانونی اسلحہ و شراب برآمدگی کیس میں عدم پیشی پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دیدیا، جوڈیشل مجسٹریٹ مبشر حسن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

بجلی کی اوور بلنگ کے ذمہ دار افسران کیخلاف سخت کارروائی کا امکان

صارفین کو 2024 میں کروڑوں روپے کے اضافی بل ڈالنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک پاور سپلائی کمپنی لیسکو میں کروڑوں روپے اوور بلنگ اکھوائی کا تنازع آخری مراحل میں داخل ہو گیا اور اوور بلنگ کے ذمہ داران افسران کے خلاف سخت کارروائی کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق ذرائع نیب نے کہا کہ نیب لاہور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

لکی مروت میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار شہید

لکی مروت (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت کے علاقے خیر خیل پکہ کے قریب دہشت گردوں کی فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار شہید ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ شہید اہلکاروں میں حکمت اللہ اور خان بہادر شامل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

کرم میں دھرنا ملتوی، اشیائے ضروریہ کا 80 گاڑیوں پر مشتمل قافلہ روانہ

روڈ کلیئر ہوتے ہی چھپری سے پاراچنار کی جانب قافلہ روانہ کیا جائے گا، پولیس

کرم (این این آئی) اتی گاڑیوں پر مشتمل قافلے کو تحصیل لکی سے کرم کی جانب روانہ کر دیا گیا ہے، صوبائی حکومت کی جانب سے دفعہ 144 کے تحت حساس علاقوں میں کرفیو نافذ ہے۔ پیر کو لکی سے پاراچنار اشیائے خورد و نوش اور دیگر ضروریات زندگی پر مشتمل ٹرکوں کے کانوائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

کراچی: سینیٹر صوبائی وزیر اطلاعات شرجیل انعام میمن کے ہمراہ کراچی پریس کلب کے وفد کا گروپ فوٹو۔

وفاقی کابینہ میں ممکنہ توسیع، MQM نے حصہ مانگ لیا

اسمبلی نشستوں کے اعتبار سے کابینہ میں شیئر دیا جائے، ن لیگ نے اب تک رابطہ نہیں کیا، نام مانگے تو فیصلہ کرینگے، متحدہ ذرائع

خالد مقبول کی لیگی قیادت سے آئندہ ہفتے ملاقات متوقع، سندھ سے بعض لیگی رہنما بھی وفاق میں مشیر بننے کے خواہشمند

اسلام آباد (آئی پی ایس) ایم کیو ایم نے کہا ہے کہ وفاقی کابینہ میں توسیع زیر غور ہے، وفاقی کابینہ کے توسیعی معاملے پر ن لیگ نے رابطہ نہیں کیا۔ ایم کیو ایم ذرائع کے مطابق چاہتے ہیں اسمبلی نشستوں کی تعداد کے اعتبار سے ہمیں وفاقی کابینہ میں شیئر ملے، ن لیگ نے موقع دیا، نام مانگے تو پارٹی فیصلہ کرے گی۔ ذرائع نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

جے یو آئی ف نے بلوچستان بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان

کوئٹہ میں 2 روز کیلئے موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس بند کر دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں امن وامان کے پیش نظر دو روز کے لئے موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس بند کر دی گئی۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے ذرائع کا کہنا ہے کہ اتوار کی رات بند کی گئی موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس منگل 7 جنوری کو رات 12 بحال کر دی جائے گی۔ دوسری جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

کوئی بیک ڈور رابطے نہیں، نہ کوئی مذاکرات ہو رہے ہیں، بیرسٹر گوہر

مذاکراتی کمیٹی کیساتھ دو اجلاس ہو چکے، تیسرے راؤنڈ سے پہلے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرنی ہے

اسیران کی رہائی اور جوڈیشل کمیشن کا قیام، بانی پی ٹی آئی نے مطالبات کیلئے ٹائم فریم دیا، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی ( ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ ہمارے کوئی بیک ڈور رابطے نہیں، نہ کوئی مذاکرات ہو رہے ہیں، جو کمیٹی بانی پی ٹی آئی عمران خان نے بنائی ہے، وہی مذاکرات کر رہی ہے، اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے ساتھ مذاکرات کے دو اجلاس ہو چکے ہیں، مذاکرات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

جنگ زدہ افغانستان میں بھی پولیو کی صورتحال پاکستان سے بہتر

2024 میں افغانستان میں 25 کیسز پاکستان میں 68 کیسز سامنے آئے

اسلام آباد (این این آئی) پولیو کیسز کے حوالے سے عالمی برادری کی نظریں پاکستان اور افغانستان پر جمی ہیں تاہم جنگ زدہ افغانستان میں پولیو کی صورتحال پاکستان سے کہیں بہتر ہے۔ میڈیا رپورٹ میں اعداد و شمار کے حوالے سے بتایا کہ افغانستان میں 2024 میں پولیو کے 25 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

190 ملین پاؤنڈز کیس: فیصلہ سنا کر مجھے دباؤ میں لانے کی کوشش کر رہے ہیں، عمران خان

یہ جب بھی فیصلہ سنائیں گے تو ان کو بین الاقوامی لیول پر شرمندگی کا سامنا کرنا پڑے گا، مذاکرات کے نتیجے میں جو بھی فیصلہ ہوگا وہ خود کروں گا

میرے پاس میری مذاکراتی کمیٹی حکومت کا کوئی مطالبہ نہیں لے کر آئی، حکومت انہیں ملنے دے گی تو وہ مجھ سے کوئی بات کریں گے، عمران خان

راولپنڈی (آئی پی ایس) پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان کا کہنا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈز کیس کا فیصلہ نہ سنا کر مجھے دباؤ میں لانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ 190 ملین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

روان مالی سال مہنگائی سنگل ڈیجیٹ میں رہنے کا اندازہ ہے، گورنر اسٹیٹ بینک

ہمارے خیال میں مالی سال کی آخری سہ ماہی میں اتار چڑھاؤ رہے گا، جمیل احمد

اسلام آباد (این این آئی) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ رواں مالی سال کی آخری سہ ماہی تک مہنگائی کے حوالے سے استحکام آ جائے گا اور رواں مالی سال مہنگائی سنگل ڈیجیٹ میں رہنے کا اندازہ ہے۔ سینیٹ قائمہ کمیٹی خزانہ کا اجلاس سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

رمضان شوگر ملز ریفرنس، حمزہ شہباز کی حاضری معافی کی درخواست منظور

آئندہ سماعت پر بریت کی درخواست پر دلائل طلب، کیس کی سماعت 13 جنوری تک ملتوی

لاہور (این این آئی) رمضان شوگر ملز ریفرنس میں سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کر لی گئی۔ اینٹی کرپشن عدالت لاہور کے جج سردار محمد اقبال ڈوگر نے رمضان شوگر ملز ریفرنس پر وزیراعظم شہباز شریف اور حمزہ شہباز کیخلاف کیس کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اسپیکس کمیٹی کے فیصلوں پر عملدرآمد شروع، پاراچنار روڈ پر چیک پوسٹوں کا قیام

پشاور (این این آئی) صوبائی حکومت نے اسپیکس کمیٹی کے فیصلوں پر عملی طور پر کام شروع کر دیا، ضلع پاراچنار روڈ پر 48 چیک پوسٹوں کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ سرکاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان میں ہونہار سکالرشپ کا چیک دے رہی ہیں۔

PRA پاکستان کی کشمیر جرنلسٹس فورم کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

توقع ہے کہ صحافت اور آزاد اظہار رائے کے لئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پارلیمنٹری رپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر عثمان خان، سیکرٹری نوید اکبر اور تمام باڈی کی جانب سے کشمیر جرنلسٹس فورم کے نومنتخب صدر سردار عرفان سدوزئی، سیکرٹری مقصود منتظر، سینئر نائب صدر اقبال اعوان، نائب صدر دانش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

کراچی: میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کونسل ہال میں ملازمین کو پروموشن آرڈر تقسیم کرنے کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں۔

ایچ ای سی میں 30 ہزار طلباء کی ڈگریاں تصدیق کی منتظر ہیں، انکشاف

ایچ ای سی میں ڈگری تصدیق کیلئے طلبا کو درپیش مسائل پر جلد ایکشن لیں گے

اسلام آباد (این این آئی) ایجوکیشن کمیٹی کی کنوینر ڈاکٹر شازیہ صوبیہ اسلم سمرو نے انکشاف کیا ہے کہ ایچ ای سی میں تیس ہزار طلباء کی ڈگریاں تصدیق کی منتظر ہیں۔ یہ بات انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ایچ ای سی میں تیس ہزار طلبا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

لاہور: پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی قذافی سٹیڈیم کا دورہ کر کے تعمیر نو پر پیشرفت کا جائزہ لے رہے ہیں۔

جمہوریت اور پارلیمانی سیاست پر ہزار سوال اٹھ رہے ہیں

مولانا فضل الرحمن

حالات کی روش کے ساتھ ہمیں چلنا پڑتا ہے لیکن اپنے اسلاف کے عقائد، ونظریے پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا

سزائے موت دیتے وقت کوئی امتیاز نہ برتا جائے، ہمیں پتہ ہے کہ کرم کا مسئلہ کیسے حل ہوگا، سربراہ جے یو آئی

پشاور ( ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ملک کی جمہوریت اور پارلیمانی سیاست پر ہزاروں سوال اٹھ رہے ہیں، پشاور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جے یو آئی ایک نظریاتی تحریک کا نام ہے، حالات کی روش کے ساتھ ہمیں چلنا پڑتا ہے لیکن اپنے اسلاف کے عقائد، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

وزیر داخلہ کی لکی مروت کے قریب پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کی مذمت

محسن نقوی کا جام شہادت نوش کرنے والے 2 پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے لکی مروت کے قریب پولیس اہلکاروں پر دہشتگردوں کی فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے فائرنگ سے جام شہادت نوش کرنے والے 2 پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ڈپٹی کمشنر کرم پر فائرنگ کرنے والے دو مبینہ شرپسند گرفتار کر لیے گئے

کرم (این این آئی) ڈی سی کرم پر فائرنگ کرنے والے دو مبینہ شرپسند گرفتار کر لیے گئے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان ایف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

سیکرٹری اطلاعات عنبرین جان سے بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی سیکرٹری اطلاعات ونشریات عنبرین جان اور پاکستان میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر اقبال حسین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی روبینہ خورشید عالم سیمینار سے خطاب کر رہی ہیں

ملک میں ادویات کی قیمتوں میں 200 فیصد سے زائد اضافہ، شہری پریشان

2 ہزار روپے والے کورس کا خرچ 6 سے 7 ہزار روپے تک پہنچ گیا، میڈیکل ڈیوائسز بھی مہنگی

ڈی ریگولیشن سے انسولین، ٹی بی، کینسر اور دل کے امراض کی دواں کی قلت تو ختم ہو گئی

اسلام آباد (آئی پی ایس) ملک میں سال 2024 میں عمران اور منتخب حکومتوں کے فیصلے مریضوں کو بہت مہنگے پڑ گئے ادویہ ساز کمپنیوں کو اختیار دینے سے قیمتوں پر سرکاری کنٹرول کا نظام ہی ختم کر دیا گیا 80 ہزار سے زائد ادویات 200 فیصد سے زائد مہنگی ہو چکی ہیں میڈیکل ڈیوائسز پر بھی 70 فیصد تک ٹیکس عائد کر دیا گیا کمپنیوں نے ٹیکسوں کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

عمران خان کو سزا دینے سے مذاکرات پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، شوکت یوسفزئی

مذاکراتی کمیٹی کی عمران خان سے ملاقات تک کوئی مطالبات حکومت کو نہیں دے سکتے، پی ٹی آئی رہنما

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما شوکت یوسف زئی نے کہا ہے کہ عمران خان کو سزا دینے سے مذاکرات پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ حکومت کے ساتھ جاری مذاکرات کے حوالے سے اپنے بیان میں شوکت یوسف زئی نے کہا کہ تحریک انصاف کو حکومت کی مذاکراتی کمیٹی کو مطالبات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اداریہ

آپ کی رائے

واشنگٹن پوسٹ کی رپورٹ میں بھارت کا عالمی دہشت گرد چہرہ بے نقاب

امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ نے پاکستان میں دہشت گردی اور ٹارگٹ کلنگ کے حوالے سے بھارت کا گھناؤنا کردار بے نقاب کر دیا ہے۔ اس سلسلہ میں واشنگٹن پوسٹ کی حالیہ اشاعت میں شائع کی گئی رپورٹ میں بھارتی حکومت کی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کو بے نقاب کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بھارت پاکستان میں دہشت گرد کارروائیوں کے ذریعے ٹارگٹ کلنگ میں ملوث ہے۔ بھارتی ایجنسی "را" نے اجرتی قاتلوں اور افغان ہتھیاروں کے ذریعے پاکستان میں کم از کم چھ افراد کی ٹارگٹ کلنگ کی۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ اپریل میں دو نقاب پوشوں نے لاہور میں عامر سرفراز عرف تاجا نامی شخص کو گولیوں کا نشانہ بنایا اور فرار ہو گئے۔ یہ واقعہ بھی بھارتی خفیہ قتل مہم کا تسلسل ہے۔ بھارتی ایجنسی "را" نے پاکستان میں کئی افراد کو نشانہ بنایا اور شواہد سے یہ واضح ہوتا ہے کہ پاکستانی افراد کے قتل میں بھارت ملوث ہے۔ واشنگٹن پوسٹ کی رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ 2021ء کے بعد بھارت کی انٹیلی جنس ایجنسی "را" نے پاکستان میں متعدد افراد کو قتل کرنے کیلئے ایک خفیہ مہم چلائی جس میں کئی پاکستانی شہریوں کو نشانہ بنایا گیا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کے وزیر داخلہ بھی پاکستانی شہریوں کی ہلاکتوں میں بھارت کے براہ راست ملوث ہونے کا انکشاف کر چکے ہیں۔ امریکی اخبار کے مطابق 2014ء میں بھارتی قومی سلامتی کے مشیر اجیت دول نے کہا تھا کہ پاکستان پر حملہ کرنا غیر حقیقی ہے لیکن ہم اپنے مقاصد کے حصول کیلئے خفیہ ذرائع استعمال کر سکتے ہیں۔ بھارت پر امریکہ، کینیڈا اور دوسرے مغربی ممالک میں بھی ٹارگٹ کلنگ مہم چلانے کا الزام ہے جس کے باعث بھارت بین الاقوامی سطح پر سخت تنقید کی زد میں ہے اور اس معاملہ میں امریکہ اور کینیڈا کے ساتھ بھارت کے سفارتی تعلقات متعدد بار خراب ہو چکے ہیں۔ ان ممالک کی جانب سے بھارت پر مختلف پابندیاں بھی عائد ہو چکی ہیں۔ امریکی اخبار کی رپورٹ میں حقائق و شواہد کی روشنی میں بھارت پر الزام عائد کیا گیا ہے کہ کینیڈا اور امریکہ میں بھارتی خفیہ ایجنسی نے سکھ رہنماؤں کو قتل کیا۔ اس سلسلہ میں نئی دہلی میں "را" کے افسر وکاش یادیو نے نیویارک میں سکھ علیحدگی پسند رہنماء پر قاتلانہ حملے کی ہدایات جاری کیں اور اس قتل کیلئے اپنے ایجنٹ کو ایک مقامی قاتل کی خدمات حاصل کرنے کی ہدایت کی۔ امریکی اخبار کا کہنا ہے کہ کینیڈین حکام کی جانب سے بھی بھارتی سفارت کاروں اور "را" کی دہشت گردی کو بے نقاب کیا جا چکا ہے۔ سفارتی ماہرین کا کہنا تھا کہ گزشتہ برس بھی پاکستانی شہریوں محمد ریاض اور مولانا شاہد لطیف کی ٹارگٹ کلنگ کی گئی جس میں بھارت کے ملوث ہونے کے شواہد منظر عام پر آ چکے ہیں۔ اس سے قبل بھی وزارت خارجہ پاکستان خصوص شواہد کے ساتھ پاکستانی سرزمین پر بھارتی دہشت گردی کو بے نقاب کر چکی ہے۔ سفارتی ماہرین کا کہنا ہے کہ بھارتی جارحیت، دہشت گردی اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی پر اقوام عالم کو سخت نوٹس لینا چاہیے۔ دوسرے ممالک میں بھارتی دہشت گردی، مداخلت اور ٹارگٹ کلنگ عالمی امن کیلئے شدید خطرہ ہے۔ یہ امر واقع ہے کہ بھارت اس خطے میں اپنے توسیع پسندانہ ایجنڈے کی تکمیل کیلئے کچھ بھی کر گزرنے کو ہمہ وقت آمادہ و تیار رہتا ہے۔ اس کا یہ ایجنڈا ہندو انتہا پسندی کے فروغ پر مبنی ہے۔ کہنے کو تو بھارت ایک سیکولر سٹیٹ ہے مگر اسکے انتہا پسندانہ جنونی عزائم عملی طور پر بھارت کو ایک متعصب انتہا پسند ہندو سٹیٹ کے قالب میں ڈھال چکے ہیں اور بھارت کا یہ تاثر ہندو انتہا پسندوں کی نمائندہ ولی جے پی کی مودی سرکار کے اقدامات سے زیادہ پختہ ہوا ہے۔ پاکستان کی سلامتی کو کسی بھی طریقے سے نقصان پہنچانے کا بھارتی ایجنڈا تو قیام پاکستان کے وقت ہی طے پا گیا تھا جس پر عمل کرنے میں بھارت کی کسی بھی حکومت نے کبھی کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ اس ایجنڈے کے تحت ہی پاکستان پر تین باقاعدہ جنگیں مسلط کی گئیں اور 1971ء کی جنگ میں بھارتی پروردہ دہشت گرد اور عسکری تنظیم مکتی باہنی کی معاونت سے پاکستان کو دولخت کیا گیا جس کے بعد بھارت باقیماندہ پاکستان کی سلامتی کے بھی درپے ہو گیا۔ اس نے آبی دہشت گردی کے ذریعے پاکستان کو کبھی سیلاب میں ڈبونے اور کبھی بھوکا پیاسا مارنے کی سازشیں کیں اور پھر باقاعدہ دہشت گردی کے ذریعے پاکستان کو ٹارگٹ کرنا شروع کر دیا گیا۔ اس کیلئے بھارت کو نادر موقع امریکی نائن الیون کے بعد دہشت گردی کے خاتمہ کے نام پر امریکی نیٹو افواج کی جانب سے شروع کی گئی افغان جنگ میں پاکستان کے فرنٹ لائن اتحادی کے کردار کے باعث پاکستان کے اندرونی طور پر کمزور ہونے کے تاثر کے نتیجہ میں ملا اور بھارت نے کابل کی کٹھ پتلی کرزئی حکومت کی معاونت حاصل کر کے افغان سرزمین کو اپنے دہشت گردوں کی تربیت اور انہیں افغان سرحد سے پاکستان میں داخل کرنے کیلئے استعمال کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا۔ یہ سلسلہ ہنوز جاری ہے جس میں افغانستان کی موجودہ عبوری طالبان حکومت بھی انکی شریک کار بن چکی ہے۔ نتیجتاً پاکستان میں گزشتہ دو سال سے زیادہ عرصہ سے دہشت گرد حملوں میں شدت پیدا ہوئی ہے جبکہ پاکستان کی ایجنسیاں دہشت گردی کی ان وارداتوں میں بھارت اور طالبان حکومت کے ملوث ہونے کے ٹھوس شواہد اکٹھے کر کے اقوام متحدہ، سیکریٹریٹ، امریکی دفتر خارجہ اور دوسرے عالمی اور علاقائی فورمز کو فراہم کر چکی ہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں تو بھارتی سکیورٹی فورسز کی دہشت گردی کا سلسلہ گزشتہ 76 سال سے تسلسل کے ساتھ جاری ہے اور اب تک لاکھوں کشمیری اس بھارتی دہشت گردی کی بھینٹ چڑھ چکے ہیں۔ گزشتہ روز بھی قابض بھارتی فورسز نے ضلع اودھم پور میں ریاستی دہشت گردی کا مظاہرہ کیا۔ مقبوضہ کشمیر کی انسانی حقوق کمیٹی کی حالیہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال 2024ء میں بھارتی فورسز نے 101 بے گناہ کشمیریوں کو شہید کیا اور 3 ہزار 492 بے گناہ کشمیری گرفتار کئے گئے جن کیخلاف بھارتی کالے قانون کے تحت مقدمات درج ہیں۔ اسی طرح بھارت کے ہندو انتہا پسندانہ کلچر میں بھارت کے اندر بھی غیر ہندو اقلیتوں کی زندگیاں اجیرن ہو چکی ہیں بالخصوص مسلمانوں کو تو مملاً دیوار کے ساتھ لگایا جا چکا ہے جن پر ہندو انتہا پسندوں کے حملے روزمرہ کا معمول بن چکا ہے۔ عالمی میڈیا کے ذریعے بھارت کا یہ جنونی انتہا پسندانہ اور علاقائی و عالمی امن کیلئے سنگین خطرے کی گھنٹی بجانے والا چہرہ اقوام عالم میں مکمل بے نقاب ہو چکا ہے اور پاکستان کے علاوہ دنیا کے دوسرے ممالک میں بھی بھارتی توسیع پسندانہ دہشت گردانہ کارروائیوں کا سلسلہ دراز ہوتا نظر آ رہا ہے۔

رابعہ رحمان

تعلیمی نصب العین

تعلیم عربی زبان کا لفظ ہے جو علم سے ماخوذ ہے انگریزی میں اس کا متبادل لفظ ایجوکیشن ہے جو لاطینی زبان کے دو الفاظ Educare اور Educatio سے ماخوذ ہے ان کے معنی اظہار کرنا، بروئے کار لانا، پروان چڑھانا، نشوونما کرنا اور اجاگر کرنا، ایجوکیشن اصطلاح انہی دو الفاظ سے مل کر بنی ہے۔ یہ تو تعلیم کے حوالے سے وہ بات ہے جو ہم سب جانتے ہیں۔ تعلیم کا دائرہ کار بہت وسیع ہے، تعلیم کوئی بچے کا سمجھنا نہیں یا مداری کی ڈگڈگی نہیں ہے، تعلیم تو سیرت و کردار کی تعمیر و تشکیل ہے یہی تعلیم تو معاشرے کا زیور ہے اگر یہ زیور سچا اور کھرا ہو تو زندگی اور معاشرے کی کتنی بھی کاری ضرب لگے کردار کا زیور کبھی بھی زنگ آلود نہیں ہو سکتا۔ تعلیم انفرادی ہو یا اجتماعی اس کا اثر بڑھتے بڑھتے ہماری تہذیب، معاشرت، علاقوں اور پورے ملک پر ہونے لگتا ہے۔ فرد واحد بھی اکیلا نہیں رہ سکتا، اس کے سلوک اور اسلوب بیاں کی وجہ سے لوگ اس کے ساتھ جڑے چلے جاتے ہیں۔ یہ تعلیم ہی کا خاصا ہے اس نے انسان کو بچپن سے پیار و محبت، تجربے اور جب جیئوں کے ساتھ نشوونما سے فیض یاب کیا جاتا ہے۔ اس تعلیمی نظام کے تحت ایک انسان کسی بھی شعبہ میں قائد یا ماہر ہونے کا کردار ادا کرتا ہے۔ راقمہ کے نزدیک یہ انسانی ذہن کی نشوونما، معاشرتی سمجھوتے اور مطابقت، جسمانی اور اخلاقی نشوونما تجربے اور مشاہدے کی تعمیر نو اور تنظیم نو ہے، ذہنی اور معاشرتی تعلیم تو انسان زندگی کے بہت سے مراحل میں سیکھتا ہوا آگے نکل جاتا ہے لیکن تعلیم کا اہم عنصر انسان کی جذباتی، روحانی اور اخلاقی صلاحیتوں کو اجاگر کرتا ہے۔ اشرف المخلوقات ہونے کی حیثیت سے دیگر مخلوقات کی نسبت انسان نشوونما کے ہر مرحلے میں تعلیم و تربیت کا محتاج ہے۔ درس گاہیں اور معلم کسی بھی معاشرے کے اخلاقی عروج یا تنزلی کا شاخسانہ ہوتے ہیں۔

قوموں کے عروج و زوال میں تعلیم کا کردار کیا ہے؟ تعلیم افراد کی ذہنی نشوونما اور سیرت کی تعمیر میں کیا کردار ادا کرتی ہے؟ تعلیم کا مقصود تعلیم برائے تعلیم، تعلیم برائے ہنر فن اور تعلیم برائے کتابی علم اور زبانوں کی مہارت اور تعلیم برائے معاشی خوشحالی ہے یا ہر قوم کی تعلیم میں اس قوم کے عقائد نظریات پر مشتمل نصب العین کی روح موجود ہوتی ہے کیا کوئی قوم اس بات کی متحمل ہو سکتی ہے کہ وہ مختلف نظریات کی حامل قوم سے خیرات کے طور پر کچھ تعلیمی تصورات لے کر اپنے تہذیبی وجود اور سیاسی خود مختاری کو قائم و برقرار رکھ سکے۔ ہر قوم کی روح میں اپنے تعلیمی نظریات کی شمولیت سے اغماض برتنے والی قومیں کس حشر سے دوچار ہوتی ہیں وہ سب جانتے ہیں، علم و فن و سائنس و ٹیکنالوجی قوموں کے لیے مقصود کی حیثیت رکھتی ہیں یا وہ قومی و ملی نصب العین کے فروغ کے خادم کا کردار ادا کرتی ہیں، غیر قومیں اپنے تعلیمی اثرات کے ذریعہ بہتر نظریات کی حامل قوموں میں جو ذہنی غلامی پیدا کرتی ہیں سیاسی آزادی کے باوجود وہ ذہنی غلامی قوموں کے لیے اپنے ساتھ خودکشی کا سامان کس طرح لاتی ہے۔ ہر انسان کی فطرت میں خیر، حسن اور صداقت ان صفات کی خالق ہستی سے محبت کا جو والہانہ نصب العینی جذبہ رکھا گیا ہے تعلیم اس نصب العینی جذبہ کی نشوونما کا ذریعہ کس طرح بنتی ہے، تعلیم، نصاب تعلیم اور تعلیمی نصب العین کے سلسلہ میں رواداری، حریت اور آزادی فکر کی دعویٰ کی حیثیت کیا ہے؟ کیا کوئی بھی نظریاتی قوم اس سلسلہ میں حریت فکر میں تبدیلی کو گوارا کر سکتی ہے؟ تعلیم کے ذریعہ بہتر سے بہتر قوموں کو آداب غلامی کس طرح سکھائے جاتے ہیں اور فرائض غلامی کی انجام دہی پر فخر کرنے کا خوگر کس طرح بنایا جاتا ہے؟ مسلمان کی حیثیت سے ہمارے نظام تعلیم کی تعمیر و تشکیل کن بنیادوں پر ہونی چاہیے اور نظام تعلیم کے ذریعہ قومی تعمیر کے سلسلہ میں ماہرین تعلیم اور معلموں کی ذمہ داریاں اور ان کا کردار کیا ہے؟

اگر عالمگیریت کے پروگرام کے تحت تعلیمی نظام میں رہے سہے تہذیبی اثرات کو ختم کر کے مکمل لادینیت و سیکولرازم بلکہ ارتداد پر مبنی تعلیم کی تشکیل دی جائے اور سارے نصاب تعلیم کو تبدیل کر کے اسے عالمگیریت کے شیطانی مقاصد کے مطابق تشکیل دیا جائے تو ایسے حالات میں اس بات کا سخت خطرہ لاحق ہے کہ ہم اپنی نسلوں تک شاید اپنے تہذیبی ورثے کو پہنچانے میں بری طرح ناکام ثابت ہوں اور انھیں الحاد، دہریت، مادیت پرستی اور ارتداد کی طوفانی لہروں سے بچانا دشوار ہو جائے۔ اس طرح کی صورتحال میں ہر دردمند فرد کو مضطرب اور متحرک ہو جانا چاہیے اور تعلیمی نظام کی بہتری اور نئی درسگاہوں کے ذریعہ تربیت کے بہتر نظام کے سلسلہ میں وہ جو کردار بھی ادا کر سکے وہ انھیں ادا کرنا چاہیے۔

ہمارے ہاں پچھلے کئی سال سے دردمند افراد کی طرف سے بہت سارے سکول و کالج قائم کیے گئے ہیں لیکن نظام تعلیم و تربیت کے فطری اصولوں سے عدم واقفیت اور صرف حسن کے جذبات سے سرشار لیکن پاکیزہ نصب العین کی اہمیت اور اس کی جامع تعریف سے ناآشنائی کی وجہ سے دردمند افراد کی طرف سے بہتر سیرت و کردار کی تیاری کے نام پر قائم جدید درسگاہیں بھی نتائج کے اعتبار سے غیر موثر رہی ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ جو قوم تعلیم کے محاذ پر شکست کھا جاتی ہے سیاست و معاشیات اور آزادی و خودمختاری کے محاذ پر اس کی شکست یقینی ہو جاتی ہے۔ تعلیم کے محاذ پر ناکامی کا بدل ریاست کے سارے اجتماعی فیصلے بھی نہیں ہو سکتے۔ اس لیے کہ نظام تعلیم کی کامل و سچے نصب العین سے محرومی اور غیروں کے اثرات کے نتیجے میں افراد قوم کے مزاج، ذہنیت اور نفسیات میں ایسا فساد شامل ہے جو جسمانی نظام کو مفلوج و معطل کر دیتا ہے۔

نظام تعلیم کی یہی وہ اہمیت ہے جسے کفر کی عالمی طاقت نے پوری شدت سے محسوس کیا ہے اور مسلم امت کو غلامی کی نئی زنجیروں میں جکڑنے کے لیے اس نے ہر خوف زدہ مسلم ریاست کو نظام تعلیم اور نصاب تعلیم میں بنیادی تعلیم کے لیے فلسفہ تعلیم کے کچھ اصول دیے ہیں اور ان اصولوں کو اپنے نظام تعلیم کا حصہ بنانے کی تاکید کی ہے۔ حکمرانوں، تعلیمی ماہروں، معلموں اور ملک کے دانشوروں کے لیے تعلیم کی بنیادوں کے فہم اور نظام تعلیم کی، ملی نظریات سے ہم آہنگی سے آشنائی کے سلسلہ میں اہم پیش رفت ضروری ہے۔

خالد بیگ

افغان طالبان اور پی ٹی آئی کا گٹھ جوڑ

افغان عبوری حکومت اگست 2021ء میں افغانستان کا اقتدار سنبھالنے کے بعد سے افغانستان میں پناہ لینے والی پاکستان دشمن کالعدم دہشت گرد تنظیموں سے لاتعلقی کا اظہار کرتی چلی آ رہی تھی۔ ساتھ ہی پاکستان میں اگست 2021ء کے بعد سے دہشت گردی کی کارروائیوں میں اضافہ کے خلاف اسلام آباد کے تسلسل کے ساتھ احتجاج کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے بی ایل اے اور ٹی ٹی پی کو افغانستان میں امریکی جدید اسلحہ اور فنڈز کی فراہمی کے علاوہ انہیں پاکستانی سرحد سے ملحقہ دشوار گزار پہاڑی علاقوں میں مزید دہشت گرد تیار کرنے کیلئے جگہ اور اس سے جڑی دیگر سہولیات بھی دی جا رہی تھیں۔ بلوچستان اور کے پی کے میں کارروائی کے بعد کالعدم بی ایل اے اور ٹی ٹی پی والے دھڑلے سے دہشت گردی کی ذمہ داری قبول کرتے۔ یہی نہیں، پاکستان میں سیکورٹی اداروں کے ہاتھوں مارے جانے والے دہشت گردوں میں افغان شہریوں کی شناخت سامنے آنے کے باوجود افغان عبوری حکومت تسلیم کرنے کو تیار ہی نہیں تھی کہ پاکستان میں معصوم لوگوں اور فوج کی سرحدوں پر قائم چوکیوں پر حملے افغانستان سے آپریٹ ہو رہے ہیں۔ افغان عبوری حکومت کی اسی ہٹ دھرمی اور بلوچستان، کے پی کے میں دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات کے پیش نظر ہی پاکستان کی حکومت نے غیر قانونی طور پر پاکستان میں مقیم افغان شہریوں کو اکتوبر 2023ء میں 30 دن کے اندر اندر پاکستان چھوڑنے کا حکم نامہ جاری کیا تھا۔ کیونکہ پاکستان کے عوام میں افغان مہاجرین کے خلاف اشتعال بڑھتا جا رہا تھا۔

پاکستان میں افغان مہاجرین کے خلاف عوام میں بڑھتی ہوئی بے چینی کی دو وجوہات تھی۔ ایک تو دہشت گردوں کی ملک میں سہولت کاری میں افغان مہاجرین ملوث پائے گئے تھے۔ علاوہ ازیں مارے گئے دہشت گردوں کی بطور افغان شہری شناخت کے باوجود کابل میں افغان طالبان کی XX میں نہ مانوں XX پر مبنی پالیسی بھی پاکستانی عوام میں غصے کا سبب تھی۔ اوپر سے افغان مہاجرین بڑے پیمانے پر پاکستان سے ڈالر افغانستان سمگل کرنے میں پائے گئے تھے جس کی باقاعدہ ویڈیوز تیار کر کے سوشل میڈیا پر وائرل کی جاتیں اور پاکستان کو تضحیک کا نشانہ بنایا جاتا۔ پاکستان میں یقیناً خونریزی کے ساتھ یہاں سے ڈالروں کی شکل میں کرنسی کی منتقلی بھی معاشی دہشت گردی سے کم نہیں تھی۔ پاکستان کے عوام حق بجانب تھے کہ اگر افغانستان میں دودھ کی نہریں بہنا شروع ہو چکی ہیں۔ افغان کرنسی پاکستانی روپے کے مقابلے میں مضبوط اور مستحکم ہے تو پھر چار ملین سے زیادہ افغان مہاجرین پاکستان سے چلے کیوں نہیں جاتے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ پاکستان میں غیر قانونی طور پر مقیم افغانی پاکستانی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ حاصل کرنے کے بعد جب عرب ریاستوں یا مغربی ممالک کا رخ کرتے تو پاکستان کا احسان مند ہونے کی بجائے باہر کے ملکوں میں بیٹھ کر پاکستان کیخلاف شرانگیز بیان بازی کرتے۔ افغان مہاجرین میں پاکستان کے خلاف بغض کا یہ عالم تھا کہ دو برس قبل شارجہ میں کھیلے جانے والے ایشیا کپ کے XX سپر فور راؤنڈ XX میچ کے دوران جب پاکستان اور افغان کرکٹ ٹیمیں مدمقابل تھیں۔ افغان ٹیم کی جیت بھارت کو واپس گیم میں لا سکتی تھی اور پاکستانی ٹیم XX سپر فور XX میں جگہ بنانے کیلئے سرتوڑ کوششوں میں تھی۔ اس میچ میں پاکستان کی جیت کی وجہ سے شارجہ کا کرکٹ اسٹیڈیم پوری دنیا میں تماشا بن گیا تھا۔ افغان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی پاکستانی کھلاڑیوں سے لڑائی کیلئے چھپے اور افغان تماشائیوں نے الگ سے اسٹیڈیم میں موجود پاکستانیوں پر حملے شروع کر دیے۔ کرسیاں اکھیڑ کر پاکستانیوں پر برسائی گئیں، بعض نے باقاعدہ پتھراؤ تک شروع کر دیا اور اس حرکت کے دوران پاکستانی خواتین اور بچوں تک کو نازیبا جملوں کا نشانہ بنایا گیا۔ شارجہ اسٹیڈیم میں افغان شائقین کرکٹ کے اس رویے کو دیکھتے ہوئے عالمی میڈیا میں تبصرے اور خبریں شائع ہوئیں کہ پاکستان میں پیدا ہونیوالے افغان مہاجرین پاکستانیوں سے کرکٹ کا کھیل سیکھنے کے باوجود پاکستان سے اس قدر متنفر اور بھارت کے حمایتی کیوں ہیں؟ دور کیوں جاتے ہیں 21 جولائی 2024ء کو جرمنی کے شہر فرینکفرٹ میں پاکستانی قونصل خانہ سے پاکستان کا سبز ہلالی پرچم اتار کر اس کی بے حرمتی کرنے اور جلانے میں بھی وہی افغان ملوث تھے جو پاکستان میں پلے بڑھے اور پاکستانی پاسپورٹ پر جرمنی پہنچے تھے۔

پاکستان کے خلاف افغانیوں میں اس قدر نفرت میں افغان طالبان کی عبوری حکومت بھی برابر کی شریک تھی۔ جس نے اقتدار ملنے کے بعد پاکستان کے خلاف حامد کارزائی اور اشرف غنی کی بھارت نواز پالیسی کو جاری رکھتے ہوئے ظاہری طور پر پاکستان کے ساتھ منافقانہ طرز عمل اختیار کیے رکھا تھا۔ تاہم آخر کار اس کے ٹی ٹی پی کے ساتھ اتحاد اور سرحد پار سے مشترکہ دہشت گردی کی نئی اس وقت تھیلے سے باہر آ گئی جب دونوں نے مل کر 27 اور 28 دسمبر کی درمیانی شب کرم اور شمالی وزیرستان کے دو مقامات سے پاکستانی سرحد پر حملہ آور ہونے کی کوشش کی۔ اپنے ان حملوں کیلئے سرحد کے پار قائم افغان بارڈر چوکیوں کو استعمال کیا گیا۔ جو کہ ٹی ٹی پی اور افغان طالبان کے اس گٹھ جوڑ کا ثبوت ہے جس کے بارے میں عالمی میڈیا متعدد بار نشاندہی کر چکا ہے۔ اس مشترکہ حملے کو پاک فوج کے سرحد پر تعینات چوکس دستوں نے اس انداز سے ناکام بنایا کہ حملہ آور افغان طالبان اور ٹی ٹی پی کے دہشت گرد 15 لاشیں چھوڑ کر اس طرح پسپا ہوئے کہ اپنی چھ چوکیاں خالی چھوڑ کر بھاگ نکلے جبکہ بہت سے حملہ آور زخمی بھی ہوئے اور اب افغان طالبان عالمی میڈیا کو بتا رہے ہیں کہ ان کے شمالی وزیرستان اور کرم کی سرحدوں پر حملے 26 دسمبر کو پکتیا میں پاکستان کی طرف سے کیے گئے ہوائی حملے کا جواب تھا۔ ان بیانات کے ساتھ عالمی میڈیا نے اپنے تبصروں میں تسلیم کیا کہ ٹی ٹی پی اور بی ایل اے افغانستان سے پاکستان میں کی جانے والی دہشت گردیوں میں طویل عرصے سے ملوث ہے اور اقوام متحدہ بھی اپنی رپورٹس میں اس امر کی نشاندہی کر چکا ہے۔ حیران کن طور پر عالمی میڈیا کو دیے گئے ان بیانات میں افغان طالبان نے ایک بار پھر اس حقیقت سے انکار کر دیا کہ افغان عبوری حکومت نے پاکستان میں دہشتگردی کی کارروائیوں میں ملوث عناصر کو افغانستان میں محفوظ ٹھکانے فراہم کر رکھے ہیں اور افغانستان کی زمین پاکستان میں دہشت گردی کیلئے استعمال ہو رہی ہے۔

مہمان کالم

مسرت قیوم

"مسلم اُمہ۔ ماضی اور حال"....(2)

ایک امہ کے لوگوں میں قومیتوں کو ابھار کر اسلام کے نظام زندگی کی حیثیت اور مسلم امہ کے اتحاد میں شگاف ڈالے گئے اور اس مقصد کے لیے مسلمان ہی استعمال ہوئے۔ پہلی جنگ عظیم کے بعد مغرب کو خلافت عثمانیہ کے خلاف حامی مل چکے تھے اور انہیں یہ حمایت حکومت اور فوج کی اعلیٰ ترین سطح پر حاصل تھی۔ اس کے علاوہ کئی عرب بدویوں کی بھی حمایت حاصل تھی جنہوں نے انہیں میدان جنگ میں ریاست کو شکست دینے میں آسانی پیدا کر لی۔ امہ کو فوری طور پر مفلوج بنایا گیا اور خلافت کا خاتمہ عمل میں لایا گیا۔ یہ ایک گہری سازش تھی جو صدیوں سے یہود و نصاریٰ کے اذہان میں پک رہی تھی۔ دیکھا جائے تو صرف کشمیری ہی تمام تر مشکلات کے باوجود سیاسی اور سفارتی سطح پر جدوجہد نہیں کر رہے بلکہ جب بھی آپ مسلمانوں کو اپنے حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کرتے ہوئے دیکھیں گے تو دنیا کی طرف سے ان کے ساتھ دوہرا رویہ نظر آئے گا۔ مسلم اُمہ اپنی سلامتی اور غیر نمائندہ سیاسی نظام اور اقتصادی طور پر بیرونی دنیا پر انحصار کے باعث مشکلات میں گھری ہوئی ہے چار مختلف کیس اس معاملے کو واضح انداز میں وضاحت پیش کر سکتے ہیں۔

پہلا کیس ترک جمہوریہ شمالی قبرص کا ہے جو چندرہ نومبر کو اپنی 16 ویں تقریبات منا رہا ہے۔ لیکن ترکی کی مداخلت پر یونانی قبرصیوں نے کامیابی کے ساتھ ترک قبرصی کمیونٹی کا قتل عام کیا۔ تاریخ سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ قبرص کے جزیرے کے ساتھ نہ صرف مغرب بلکہ مسلم دنیا نے بھی ناانصافی کی ہے۔ مسلم دنیا نے بوسنیا اور کوسوو میں بھی اپنا مجموعی کردار نہیں دکھایا بلکہ اس کے برعکس انہوں نے مسلمانوں کے قتل عام اور خواتین کی سربوں کے ہاتھوں بے حرمتی کی اجازت دی۔ آخری کیس چیچنیا ہے جہاں روس چیچن آبادی کی نسل کشی کر رہا ہے اور دنیا نے اس چیز کو اس حد تک ہونے کی اجازت دی کہ روسی فوج نے وحشیانہ طریقے پر لوگوں کو کچل دیا اس پر احتجاج کیلئے مسلم دنیا کو اس بات کا نوٹس لینا چاہیے لیکن مسلم دنیا ہے کہاں؟ کشمیر کے مسئلے کے حل کے لیے ریفرنڈم پر زور دینے کی بجائے مشرق تیمور کی مثال پیش کی جاتی۔ اسلامی کانفرنس تنظیم آگے ہی نہیں آئی۔ دیگر مسلم ممالک کے لیے یہ وقت ہے کہ وہ شام کی حمایت کریں اور شام کے لیے یہ وقت ہے کہ وہ یہ حقیقت جان لے کہ اسے مزید ترقی کی ضرورت ہے جس کے لیے اسے پاکستان جیسے ممالک کے ساتھ سرگرم تعاون کے رابطے قائم کرنے چاہیں۔ جس طرح گولان کی پہاڑیاں اسرائیل۔ شام کی سکیورٹی کے نقطہ نظر اور پالیسیوں کا مرکز ہے اسی طرح کشمیر اور بھارت پاکستان کے لیے مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔ اب جبکہ اسرائیل بھارت کے ساتھ فوجی دفاعی تعلقات قائم کر رہا ہے یہ ضروری ہے کہ شام اور پاکستان اس محاذ پر مزید قریب آئیں کیونکہ علاقائی سلامتی کے نقطہ نظر سے مشرق وسطیٰ اور جنوبی ایشیا میں بتدریج بہت کم فرق رہ جائے گا۔ اگر مسلم دنیا نے مجموعی مفادات کو ایک دوسرے کے ساتھ تنازعات پر ترجیح نہ دی تو دنیا کے مسلمان مظالم اور استحصال کا آسان نشانہ بنتے رہیں گے۔

"18 سال" سے زائد ہو گئے کالم کو چھپے ہوئے۔ "مڈل ایسٹ" کے حالات سامنے ہیں۔ "طاقتوروں" کے چند جذباتی فیصلے پوری دنیا کو ایک ہولناک جنگ کے دہانے پر لا چکے ہیں۔ سوچ ہے "اسد خاندان" کی شام میں دوبارہ قدم جمانے کے امکان کو رد کرنا آسان نہیں۔ ایران اور روس اپنی شکست کو زیادہ دیر قائم رکھنے میں دیر نہیں لگانے والے۔ عصر نو میں معاشی حالت فتح یا شکست کا تعین کرتی ہے۔ "20 سال" امریکہ نے ایران میں حکومت بدلنے میں ضائع کر دیے۔ اب "امریکہ" کی توجہ دوسرے ممالک میں حکومتیں بدلنے کی بجائے اپنی سوچ کو بدلنے کی طرف ہونی چاہیے جو کہ اُمید کی جا رہی ہے۔ ایران کو بھی اب سوچنا چاہیے کہ موجودہ حالات کس قسم کی کارروائیوں کے نتائج ہیں۔ لازم ہے کہ اپنی طاقت وسائل کو مضبوط کرنے پر توجہ دی جائے بلکہ دستیاب قوت کو محفوظ رکھنے کی تدابیر اشد تقاضا ہیں۔ امن اور بات چیت کے راستے زیادہ آسان اور محفوظ ہیں بہ نسبت درآمد۔ برآمد کے۔ انقلاب کی عمر اب "50 سال" ہو چکی ہے نقصانات۔ فوائد سامنے ہیں۔

"نیا سال"

کیسی خوشی کاہے کی مبارک باد۔ نیا سال اس حال میں کہ یمن۔ غزہ۔ کشمیر اور عراق میں مسلمان خون بہہ رہا ہے۔ اپنے خود ساختہ آقاؤں کی تقلید میں نیا سال منانا ہمارا فرض ہے۔ کیا ہوا کہ ہزاروں "فلسطینی" ناحق دنیا سے رخصت کر دیے گئے۔ لاکھوں بے گھر ہو گئے۔ ہزاروں بچے اپنے ماں باپ سے جبراً جدا کر دیے گئے۔ ہزاروں لوگ معذور ہو گئے۔ لاکھوں بھوک۔ پیاس میں مبتلا زندگی کے کچھ دن گزارنے پر مجبور کر دیے گئے۔ کیا فرق پڑتا ہے ہم تو محفوظ ہیں۔ ہم تو مضبوط گھروں میں عیش کر رہے ہیں۔

نیا سال منانا ہمارا فرض ہے۔ کیا ہوا "77 سالوں" سے "کشمیری" اپنی دھرتی کے مالک مگر اپنی مرضی سے ایک دن بھی آزاد گزار نہیں سکتے۔ مقبوضہ وادی دنیا کی سب سے بڑی جیل مگر انسانی آزادی کے عالم برداروں کی نظر کرم اس طرف جانے سے معذور ہے۔ مسئلہ اُمہ چند روزہ زندگی کی محبت میں اتنا بری طرح ڈوب چکی ہے کہ خرافات کو اپنے قومی تہواروں کی مانند مناتی ہے۔

قارئین یقین مانیے میں نے اس مرتبہ نئے سال کے ہر مبارک بادی پیغام کے جواب میں نیا سال مبارک نہیں کہا۔ کیونکہ گزرے سال مسلم اُمہ اور پاکستان پر بہت بھاری رہے ہیں۔ سیاسی۔ معاشی اور سماجی لحاظ سے۔ ویسے بھی ہمارا اسلامی سال محرم سے شروع ہوتا ہے۔ ہر پیغام کے جواب میں میں نے لوگوں کو خوشیوں کی دعا دی۔ خوشیاں ہمارے لیے زیادہ ضروری ہیں۔ کیونکہ ایک آزاد اور خود مختار فرد ہی کفر کا مقابلہ کر سکتا ہے۔ یہ اسی صورت ممکن ہے کہ ہم مکمل طور پر "دین حنیف" سے جڑ جائیں۔ ہم اپنے واحد مالک "رب کریم" کے ساتھ وفادار ہو جائیں اور اس کے احکامات اور خاتم النبیین ﷺ کی سنت پر چلنا شعار بنا لیں اسی میں ہماری نجات ہے یہی ہماری اصل خوشی ہے۔

فرحت عباس شاہ

ریاست کے اقدامات اور روشنی کی کرن

پاکستان کی سیاسی تاریخ کے 2022ء سے جاری بحران نے جہاں سماجی نفسیاتی دباؤ میں اضافہ کیا وہاں معیشت ناک کے مل زمین پہ جا گری۔ اگرچہ مسلم لیگ کی حکومتیں معاشی بحالی اور پیپلز پارٹی کی حکومتیں عوامی بہتری کے حوالے سے امتیاز رکھنے کی دعویدار ہیں لیکن ان کی مشترکہ حکومت ابھی تک عوام کو سکھ کا سانس دینے میں ناکام نظر آتی ہے۔ موجودہ جاری دور حکومت کو مشکل ترین دور کہا جا سکتا ہے کہ پاکستان کی تقریباً تمام پارٹیاں مل کے بھی اقتصادی ابتری کو سنبھالنے میں پوری طرح کامیاب نہیں ہو سکیں۔ مجھے کہنے دیجئے کہ ان کی بھی مجب

بقیہ 1

مطابق جج ناصر جاوید رانا آج رخصت پر ہیں، کیس کا فیصلہ اب 13 جنوری کو سنایا جائے گا، عدالتی عملے نے بانی پی ٹی آئی کے وکیل خالد یوسف چودھری کو آگاہ کر دیا۔ عمران خان کے وکیل خالد یوسف چودھری نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ عدالتی عملے نے بتایا ہے فیصلہ آج نہیں سنایا جائے گا۔ یاد رہے کہ عدالت نے 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کا فیصلہ 18 دسمبر کو محفوظ کیا تھا، پہلے 23 دسمبر کو کیس کا فیصلہ سنائے جانے کی تاریخ مقرر کی گئی تھی تاہم عدالت نے فیصلہ سنائے جانے کی تاریخ ملتوی کر کے 6 جنوری مقرر کی تھی۔ خیال رہے کہ نیب نے 13 نومبر 2023 کو 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس میں بانی پی ٹی آئی کی گرفتاری ڈالی تھی اور 17 دن تک بانی پی ٹی آئی سے اڈیالا جیل میں تفتیش کی تھی۔ واضح رہے کہ 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کا جیل ٹرائل ایک سال تک مکمل ہوا ہے، بانی پی ٹی آئی عمران خان کے خلاف یہ واحد کیس ہے جس کا ٹرائل ایک سال تک چلا۔

بقیہ 2

ڈیڈ لاک کا شکار ہیں، اس حوالے سے حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ تحریک انصاف کا تحریری چارٹر آف ڈیمانڈ نہ دینا ڈیڈ لاک کی وجہ بنی۔ ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت بھی تحریری چارٹر آف ڈیمانڈ کے بغیر آگے بڑھنے سے گریزاں ہے، جس کے پیش نظر پیپلز پارٹی کی قومی اسمبلی ایاز صادق بھی مذاکراتی کمیٹیوں کا اجلاس بلانے سے گریز کر رہے ہیں جب کہ چارٹر ماننے کی صورت میں تحریک انصاف بھی حکومت سے تحریری معاہدے کی صورت میں یقین دہانی پر قائم ہے، پارٹی قائد عمران خان سے ملاقات کے بعد تحریک انصاف تحریری چارٹر آف ڈیمانڈ کا فیصلہ کرے گی۔ پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما اور مذاکراتی کمیٹی کے رکن اسد قیصر نے موقف اختیار کیا ہے کہ ہم نے جو باتیں میٹنگز کے دوران کہی ہیں، وہ منٹس بن چکی ہیں انہیں ہی تحریری مطالبات سمجھا جائے، کاغذ دینا نہ دینا فارمیلٹی ہے، ہم کسی صورت مذاکراتی عمل کو نقصان نہیں پہنچانا چاہتے، ہم یہاں انتہائی مثبت فیصلوں کیلئے بیٹھے ہیں، ہم چاہتے ہیں جلد بازی نہ ہو بلکہ سنجیدگی ہو اور ملکی مفاد کو آگے رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی اپوزیشن کمیٹی ارکان جو بات کریں گے وہ حتمی ہوگی، اپوزیشن کمیٹی ارکان جو بات یا فیصلہ کرتے ہیں، اس پر قائم رہنے والے ہیں، ہمارے نکات واضح ہیں اور تحریری طور پر دینا رسمی کارروائی ہے، بانی اور قیادت سے ملاقات کے بعد تیسری نشست میں چیزیں واضح ہوں گی، عمران خان کے علاوہ جیل میں قید دیگر پی ٹی آئی لیڈروں سے بھی ملاقاتیں کرائی جائیں، بانی چیئرمین کے علاوہ جو لیڈر شپ ہے اس سے بھی رابطہ ہونا چاہیے، حکومتی کمیٹی کو وقت دے رہے ہیں کہ تمام سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کرے تاکہ حتمی فیصلے میں ابہام نہ ہو۔

بقیہ 3

ثانی کیس میں جاری کیا۔ دوران سماعت، جسٹس امین الدین خان نے استفسار کیا کہ کیا یہ کیس غیر مؤثر تو نہیں ہو گیا؟ وکیل حمزہ شہباز حارث عظمت نے بتایا کہ کیس غیر مؤثر نہیں ہوا، آئینی بنچ نے گزشتہ سماعت پر فریقین کو نوٹسز بھی کیے تھے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ پرویز الٰہی کی طرف سے کون پیش ہوگا، پرویز الٰہی بھی کیس میں فریق ہیں۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ نے ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی رونالڈ کو کالعدم قرار دیا تھا جبکہ حمزہ شہباز نے فیصلہ نظر ثانی میں چیلنج کیا تھا۔

بقیہ 4

اقدامات کے حوالے سے جائزہ اجلاس کے دوران شہباز شریف نے انسانی سمگلنگ میں ملوث سرکاری اہلکاروں کے خلاف لیے گئے حالیہ اقدامات پر ایف آئی اے کو سراہا، وزیر اعظم نے کہا کہ انسانی اسمگلروں کے سہولت کار سرکاری افسران کے خلاف حالیہ تادیبی کارروائیوں کا آغاز خوش آئند ہے، سہولت کاروں کے خلاف تادیبی کاروائی کے بعد سخت تعزیری اقدامات بھی لیے جائیں، ملک میں تمام انسانی اسمگلنگ کے گروہوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے، تاکہ وہ نشان عبرت بنیں، انہوں نے کہا کہ انسانی اسمگلروں کی جائیدادوں اور اثاثوں کی ضبطگی کے لئے فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، اس مکروہ دھندے میں ملوث تمام افراد کے خلاف استغاثہ کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے، استغاثہ کے لیے وزارت قانون و انصاف سے مشاورت کے بعد اعلیٰ ترین درجے کے وکلاء تعینات کیے جائیں، وزیر اعظم نے کہا کہ دفتر خارجہ بیرون ملک سے انسانی سمگلنگ کا دھندہ چلانے والے پاکستانیوں کے لیے متعلقہ ممالک سے رابطہ کرے اور انکی پاکستان حوالگی کے حوالے سے جلد از جلد اقدامات اٹھائے، وزارت اطلاعات و نشریات، وزارت داخلہ کے تعاون سے عوام میں بیرون ملک نوکریوں کے لیے صرف قانونی راستے اختیار کرنے کی، آگاہی مہم چلائے، شہباز شریف نے کہا کہ ملک میں ایسے ٹیکنیکل ٹریننگ اداروں کی ترویج کی جائے جو عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق سرٹیفائیڈ پیشہ ور افراد بیرون ملک مارکیٹ کو فراہم کر سکیں، ہوائی اڈوں پر بیرون ملک جانے والے افراد کی سکریننگ کا عمل مزید مؤثر بنایا جائے، اجلاس میں وزیر اعظم کو ملک میں انسانی سمگلنگ کے خلاف لیے گئے اقدامات، سہولت کاروں کے خلاف قانونی کارروائی کی پیشرفت اور انسانی سمگلنگ کے خاتمے کے لیے قانون سازی کی پیشرفت پر بریفنگ دی گئی،

بقیہ 5

سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سنجیدگی اور خلوص نیت کے ساتھ مذاکرات کر رہی ہے۔ اور ان مذاکرات کی کامیابی کا دارومدار مطالبات پر ہے۔ جو پی ٹی آئی کی طرف سے سامنے آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر مطالبات ایسے ہوئے جو حکومت پورے کر سکتی ہوئی تو حکومت ضرور پورے کرے گی۔ تاہم عمران خان کی قید سیاسی بنیادوں پر نہیں ہے۔ وہ اس لیے قید ہیں کہ وہ رسیدیں ہی نہیں دکھا سکے۔ احسن اقبال نے کہا کہ وہ جو دوسروں کو کہتے تھے کہ رسیدیں دکھاؤ لیکن جب ان سے رسیدیں مانگی گئیں تو ان کی تمام رسیدیں بوگس نکلیں۔ عمران خان جب اصلی رسیدیں دکھائیں گے اور قانون کو مطمئن کریں گے تو وہ رہا ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان یہ بتادیں کہ انہوں نے 190 ملین پاؤنڈ جو 50 ارب روپے بنتے ہیں۔ وہ سرکاری خزانے میں جمع کرانے کے بجائے اپنے دوست کے اکاؤنٹ میں کیوں جمع کرائے؟۔ اگر عمران خان قانون کو مطمئن نہ کر سکے تو ان کی رہائی ممکن نہیں ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جو قیدی ٹرائل کورٹ کے اندر ہیں۔ ان کی آزادی کا راستہ صرف عدالتوں کے ذریعے ہی ہے۔ جنہوں نے پاکستان کی فوجی چھاؤنیوں پر حملے اور جو سنگین جرائم میں ملوث ہیں۔ ان کی معافی تو امریکہ اور برطانیہ بھی نہیں دیتے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کی کوئی جمہوریت کسی سیاسی کارکن کو یہ لائسنس نہیں دیتی۔ کہ وہ اپنے ملک کے فوجی اڈوں پر حملہ کرے۔

بقیہ 6

عرب کے صوبہ حضر الباطن کے سابق گورنر شہزادہ منصور نے ملاقات کی ہے جس کے دوران مریم نواز نے کہا کہ سعودی عرب کی جانب سے پاکستان کے لیے ہمیشہ برادرانہ تعاون کو سراہا ہے۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، باہمی تعاون، پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع پر تبادلہ خیال ہوا، وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے صوبے میں سعودی سرمایہ کاروں کو انفرااسٹرکچر، صحت، تعلیم، مذہبی سیاحت کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے لیے دعوت دی گئی، اس حوالے سے مریم نواز نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت نے کاروباری ماحول کو بہتر بنانے کے لیے سیکیورٹی اور میرٹ کو یقینی بنایا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے یہ بھی کہا کہ سعودی سرمایہ کاروں کو انویسٹمنٹ پیکیج کے تحت مراعات دی جائیں گی۔ اس موقع پر سعودی عرب کے صوبہ حضر الباطن کے سابق گورنر شہزادہ منصور نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات خطے کے استحکام اور ترقی کے لیے نہایت اہم ہیں اور سعودی عرب ہمیشہ پاکستان کے ساتھ کھڑا رہے گا۔

بقیہ 7

ذرائع کے مطابق متوفی جرمن سفارتخانے میں سیکنڈ سیکریٹری تھا، لاش قبضے میں لے کر ہسپتال منتقل کر دی گئی، اسلام آباد پولیس کا کہنا ہے کہ متوفی جرمن سیکنڈ سیکریٹری تھامس فیلڈر کی لاش ایک کمرے سے ملی جو اندر سے لاک تھا، فی الحال کوئی مشکوک چیز سامنے نہیں آئی

بقیہ 8

مت بنیں۔ بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان میں ہونہار سکالرشپ پروگرام کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ سکالرشپس لینے والے تمام طلباء اور ان کے والدین کو مبارکباد پیش کرتی ہوں، آج طلباء سے بطور وزیر اعلیٰ نہیں ایک ماں کے طور پر مخاطب ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے معلوم ہے آج کل تعلیم مہنگی ہے، اخراجات بہت زیادہ ہوتے ہیں، آج طلبہ کی محنت کے صلے نے ماں باپ کا بوجھ اٹھالیا ہے، بچے پیار سے میرا شکریہ ادا کر رہے ہیں، میرا شکریہ ادا کرنے کی ضرورت نہیں یہ آپ کی محنت کا ثمر ہے فیصلہ کیا تھا کہ ہر جگہ خود جا کر سکالرشپس دوں گی۔ یہ میرا پیسہ بالکل نہیں، پنجاب کے عوام کا پیسہ ہے، میں یہ پیسہ اپنے گھر سے نہیں لائی، پچھلے 75 سال سے بھی یہ پیسہ آیا تھا، میرا سوال ہے یہ پچھلے 75 سال میں آپ کو کیوں نہیں ملا؟ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ بچوں کو 100 فیصد میرٹ پر سکالرشپس دیئے گئے ہیں، کسی سے نہیں پوچھا کہ کس سیاسی جماعت سے تعلق ہے، کسی کو ایم این اے، ایم پی اے کی سفارش پر سکالرشپ نہیں دیا، ہونہار سکالرشپس پروگرام کا نعرہ ہے پڑھو یقین سے، میں چاہتی ہوں آپ سکون سے پڑھو۔ کوشش ہے 30 ہزار سے بڑھا کر 50 ہزار سکالرشپس کروں، انٹرنیشنل سکالرشپس پروگرام پر بھی کام کر رہی ہوں، انٹرنیشنل سکالرشپس پروگرام کو بھی جلد شروع کریں گے، لیپ ٹاپس کی پہلی شپ منٹ آچکی ہے، بہت جلد لیپ ٹاپس لیکر سب کے پاس آ رہی ہوں، کوشش ہے آپ کو جدید لیپ ٹاپس ملیں جو آپ کے کام آسکیں۔

بقیہ 9

کی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر محکمہ جنگلات نے پولیس کے ہمراہ تحصیل خانپور میں بڑی کارروائی کر کے 190 ایکڑ اراضی واگزار کرالی۔ اس دوران قبضہ مافیا نے محکمہ جنگلات کی ٹیم پر حملہ کر کے نفری اور موبائل فون چھین لئے، سرکاری گاڑی جلانے کی بھی کوشش کی، ٹریکٹر کی بیٹری بھی نکال لی۔ پولیس کی جانب سے بااثر ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا جبکہ گرفتاری کے لیے چھاپے جاری ہیں۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے قبضہ مافیا سے سرکاری زمینیں واگزار کرانے پر محکمہ جنگلات اور پولیس ٹیم کو شاباش دی اور کہا سرکاری زمینوں کا تحفظ حکومت کا فرض ہے، محکمہ جنگلات کی تمام زمین واپس لیں گے، عوام کے تعاون سے آپریشن کامیاب ہوگا قانون شکنوں کو سزا ملے گی۔

بقیہ 10

ماہ ملائیشیا اور بنگلہ دیش کا دورہ متوقع ہے جس کے لیے تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سلمان ذرائع نے کہا کہ اگلی ڈار 3 سے 5 فروری تک ملائیشیا کا دورہ کریں گے جس کی دعوت انھیں ملائیشیا کے وزیر اعظم انور ابراہیم نے دی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسحاق ڈار کی دورہ ملائیشیا کے دوران وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سمیت دیگر قیادت سے ملاقاتیں متوقع ہیں۔ اس کے علاوہ اسحق ڈار بنگلہ دیشی چیف ایڈوائزر محمد یونس کی دعوت پر آئندہ ماہ بنگلہ دیش بھی جائیں گے۔ رپورٹ کے مطابق دورے کو دونوں ممالک کی وزارت خارجہ حتمی شکل دے رہی ہیں، اسحاق ڈار کے دوروں کا مقصد تجارت، دفاع، سرمایہ کاری اور اقتصادی شعبوں میں تعاون کا فروغ ہے۔

بقیہ 11

ہے، یہی سسٹم اگلے 2 سے 3 مہینوں میں ڈیلرز سطح پر بھی نافذ ہوگا۔ ان کا کہنا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں آپ کو ایف بی آر میں بہتری نظر آئے گی، کاروباری شخصیات نے اس فیس لیس ایپریزمنٹ کی کاوش کو سراہا ہے۔ وزیر مملکت علی پرویز ملک کا یہ بھی کہنا ہے کہ سسٹم انٹرنیٹ پر معیشت کے بارے میں جیسی تنقید ہوتی ہے ویسا ہے نہیں، ہم نے فلکسٹ لائن انٹرنیٹ کی اسپیڈ کو مینٹین کیا ہے۔

بقیہ 12

ایجنسی نے راول ڈیم کی سائٹ پر آلودگی اور سیوریج سے متعلق مسائل پر کمیٹی کو بریفنگ دی۔ اجلاس کے دوران سینیٹر نسیمہ احسان نے کہا کہ بارہ کہو، قائد اعظم یونیورسٹی کے قریب نالوں کا گندا سیوریج کا پانی راول ڈیم میں جا رہا ہے، کیا راول ڈیم محکمہ آبپاشی پنجاب کے ماتحت آتا ہے؟ کنوینر کمیٹی نے کہا کہ گندا پانی پینے سے لوگ بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ ڈی جی انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی نے کمیٹی کو بتایا کہ راول ڈیم کا پانی راولپنڈی کو سپلائی ہوتا ہے، راول ڈیم مارگلہ نیشنل پارک کا حصہ ہے، ڈیم کی دیکھ بھال محکمہ آبپاشی کرتا ہے، راولپنڈی میں ڈیم سے سپلائی ہونے والے پانی کی پہلے ٹریٹمنٹ کی جاتی ہے، واٹر سپلائی کے پائپس کی ٹھیک سے دیکھ بھال نہیں ہو رہی ہے۔ روبینہ خورشید عالم نے اجلاس کے دوران پوسٹ کوپ 29 ایلاگ، پیرس معاہدے کے عملی نفاذ پر منعقدہ اجلاس سے متعلق کمیٹی کو بتایا کہ پیرس معاہدے کا آرٹیکل 6 مکمل فعال کرنے پر اتفاق ہو گیا ہے۔

بقیہ 13

کم ہے، قائد عوام نے جو پاکستان بنایا وہ کچھ اور تھا، آج پاکستان کے پاس جو آئین قانون ہے تو وہ بھٹو کی وجہ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد عوام کے ویژن کو ہم نہیں پہنچ پائے، ساری چیزیں ٹھیک کرنے پر آئیں تو فلسفہ بھٹو کا چلے گا، 75 جماعتوں میں سے پیپلز پارٹی کے علاوہ ایک بھی سیاسی جماعت نہیں ہے جو کہہ سکے کہ ہم نے پاکستان کو کچھ دیا ہے۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ آئین پاکستان کی شکل بدلنے اور توڑنے کی کوشش کی گئی، ڈکٹیٹروں نے جو سیاستدان ہم پر تھوپے انہوں نے بھی آئین توڑنے کی کوشش کی، پاکستان میں آج بھی بھٹو جیسی کوئی شخصیت نہیں ہے۔ سندھ کے سینئر وزیر نے کہا کہ پاکستان کو مسائل سے نکالنے کے لیے بھٹو جیسی ذہین شخصیت کی ضرورت ہے، کراچی میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے بیرون ممالک سے لوگ آتے تھے، پھر جان بوجھ کر نفرت والی جماعتیں بنائی گئیں، اتنے بڑے ظلم کے بعد سپریم کورٹ کہتی ہے بھٹو کو فیئر ٹرائل کا موقع نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ بھٹو نے جان کی پروا نہ کرتے ہوئی اس ملک کو ایٹمی طاقت بنایا، سیاسی مخالفین بھی اپنے جلسوں میں بھٹو کی مثالیں دیتے ہیں، آج کے لیڈر اور بھٹو شہید میں زمین آسمان کا فرق ہے، پاکستان کے مستقبل کے لیے پی پی پی نے کام کیا، بھٹو شہید کی انتھک محنتوں کی وجہ سے شملہ معاہدہ ہوئے اور نوے ہزار فوجی رہا ہوئے، یہ وژن ان کا ہو سکتا ہے جس کو اس مٹی سے محبت ہو۔

بقیہ 14

مذاکراتی عمل میں آن بورڈ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے سمجھ آ رہی ہے کیونکہ اگلی مذاکراتی نشست سے قبل بانی پی ٹی آئی سے مشاورت ضروری ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ اس وقت اپنی انا سے بڑھ کر پاکستان ہے، نوجوانوں میں جو مایوسی پھیل رہی ہے اسے دور کرنے کے لیے اپنے ذاتی مفاد کو پس پشت ڈالنا ہوگا، خواہش ہے کہ پاکستان آگے بڑھے۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ اب ہال حکومت کی کورٹ میں ہے، دیکھنا ہے وہ اسے کتنی سنجیدگی سے لیتی ہے۔

بقیہ 15

نے تحقیقات مکمل کر لیں رپورٹ چیئرمین نیب کو پیش کی جائے گی، لاہور لیسکو نے صارفین کو سال 2024 میں کروڑوں روپے کے اضافی بل ڈالے۔ ذرائع نے کہا کہ لاہور چیف ایگزیکٹو لیسکو۔ سی ایس ڈی اور ڈائریکٹر کمرشل ابتدائی انکوائری میں ذمہ دار قرار دیے گئے، لاہور چیئرمین نیب کے نوٹس میں آنے پر اب اسی ہفتے انکوائری مکمل کی جائے گی۔ رپورٹ کے مطابق لاہور چیئرمین نیب کو بریفنگ کے بعد انکوائری پر حتمی فیصلہ کر لیا جائے گا، لاہور بجلی کی اوور بلنگ کے ذمہ داران لیسکو افسران کے خلاف بڑی کارروائی کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ لیسکو دو تین ماہ سے تاخیری حربے استعمال کر تا رہا کہ انکوائری مکمل نہ ہو۔

بقیہ 16

روانہ کرنے کیلئے انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ صوبائی حکومت کے مطابق 80 گاڑیوں پر مشتمل امدادی قافلہ آج پاراچنار پہنچ جائے گا۔ پولیس کے مطابق پاراچنار میں جاری دھرنا ملتوی کر دیا گیا ہے اور شرکاء نے روڈ کو آمد و رفت کیلئے کلیئر کر دیا ہے۔ صدر انجمن تاجران کے مطابق 80 گاڑیوں پر مشتمل قافلے میں تمام سامان تاجر برادری کا ہے، حکومت اس کو امدادی قافلہ سمجھ رہی ہے لیکن اس میں ایک گاڑی بھی حکومت کی نہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ روڈ کلیئر ہوتے ہی چھیری سے پاراچنار کی جانب قافلہ روانہ کیا جائے گا۔ صوبائی حکومت کا کہنا ہے کہ اشیائے ضروریات پورا کرنے اور قافلہ پاراچنار پہنچانے کیلئے حساس علاقوں میں کرفیو نافذ ہوگا۔ پولیس کے مطابق دفعہ 144 کے تحت پانچ افراد سے زیادہ اجتماع اور اسلحہ کی نمائش پر پابندی عائد کی گئی ہے۔

بقیہ 17

نے غیر قانونی اسلحہ اور شراب برآمدگی کیس کی سماعت کی، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ عدالت میں پیش نہیں ہوئے جس پر عدالت نے اظہار برہمی کیا۔ مسلسل عدم پیشی پر ایس ایس پی آپریشنز کو علی امین گنڈاپور کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دیدیا۔ مقدمے کے تفتیشی افسر اور وزیر اعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور کے وکیل راجہ ظہور اکرم ایڈووکیٹ بھی عدالت پیش نہ ہوئے۔ جج نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نہ ملزم پیش ہوا اور نہ ہی وکیل پیش ہوا ہے۔ بعدازاں عدالت نے کیس کی سماعت 21 جنوری تک ملتوی کر دی۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ علی امین گنڈاپور کو اشتہاری قرار دیئے جانے کی کارروائی ملتوی کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا گیا تھا۔ انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی کے جج احمد علی شاہ نے فیصلہ جاری کیا تھا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے فیصلے کے مطابق 30 مقدمات میں سیکشن 87 کے تحت وارنٹ گرفتاری اور اشتہاری قرار دیئے جانے کی کارروائی کا حکم دیا گیا تھا۔ علی امین گنڈاپور کے وکیل نے پشاور ہائیکورٹ کا حکم نامہ عدالت میں پیش کیا جبکہ عدالت نے تمام کارروائی اور وارنٹ گرفتاری منسوخ کر دیئے تھے۔ قبل ازیں بھی عدالت نے وزیر اعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری برقرار رکھتے ہوئے سینیئر سول جج مبشر حسن چشتی نے حاضری سے استثنیٰ کی درخواست مسترد کر دی جبکہ عدالت نے شراب برآمدگی کیس میں ایس ایس پی آپریشنز کو وارنٹ گرفتاری پر تعمیل کرانے کا حکم دیا تھا۔ سینئر سول جج مبشر حسن چشتی نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ علی امین گنڈاپور کے خلاف شراب و اسلحہ برآمدگی کیس کی سماعت کی تھی۔ جج نے استفسار کیا کہ علی امین گنڈاپور کا طاغتی پیش کریں وہ کدھر ہیں؟۔ جج نے ریمارکس دیے اگر عدالت میں ملزم پیش نہیں ہوگا تو میں وارنٹ گرفتاری جاری کرونگا۔ وکیل نے عدالت سے استدعا کی تھی کہ وارنٹ گرفتاری منسوخ کر کے بریت کی درخواست پر بحث کا حکم جاری کیا جائے۔ جج نے ہدایت کی آپ تحریری درخواست لے آئیں میں اس پر فیصلہ کروں گا، آئندہ سماعت تک وارنٹ گرفتاری کی تعمیل نہ کرائی گئی تو ایس ایس پی آپریشنز ذاتی حیثیت میں عدالت پیش ہوں۔ عدالت نے حکم دیا ایس ایس پی وارنٹ گرفتاری کی تعمیل نہ ہونے کے وجوہات بارے عدالت کو آگاہ کریگے، کیس کی مزید سماعت 2 نومبر تک ملتوی کر دی تھی۔

بقیہ 18

ہیں، دونوں اہلکار ڈاک ڈیوٹی پر تعینات تھے اور موٹر سائیکل پر ڈاک لینے تھانوں میں جا رہے تھے، شہید حکمت اللہ تھانہ بیز و اور شہید خان بہادر تھانہ شہباز خیل میں تعینات تھے، واردات کے بعد دہشت گرد موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔

بقیہ 19

پاؤنڈز کیس کا فیصلہ کیوں نہیں سنا رہے؟ یہ اصل میں مجھے دباؤ میں لانے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن میں کسی صورت ڈیل نہیں کروں گا، یہ جب بھی فیصلہ سنائیں گے تو ان کو بین الاقوامی لیول پر شرمندگی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ایک سوال پر سابق وزیر اعظم نے جواب دیا کہ بشریٰ بی بی پر ڈیل کرنے کے الزامات درست نہیں، وہ کسی سے کوئی مذاکرات نہیں کر رہی، جو بھی مذاکرات کا عمل ہوگا وہ مذاکراتی ٹیم کے ذریعے کیا جائے گا، مذاکرات پر حکومت سنجیدہ ہے تو نتیجہ نکالے گی ورنہ یہ ٹائم کو گھسیٹیں گے، ہمارے 2 مطالبات ہیں جو بتا دیئے گئے ہیں، میرے پاس میری مذاکراتی کمیٹی حکومت کا کوئی مطالبہ نہیں لے کر آئی، حکومت انہیں ملنے دے گی تو وہ مجھ سے کوئی بات کریں گے، مذاکرات کے نتیجے میں جو بھی فیصلہ ہوگا وہ میں خود کروں گا۔ عمران خان کہتے ہیں کہ جنرل یحییٰ کا مارشل لا بدترین مارشل لا تھا، جنرل ضیاء کا مارشل لا اتنا بدترین نہیں تھا، مشرف کا مارشل لا بھی اتنا بدترین نہیں تھا کیوں کہ اس میں میڈیا کو آزادی تھی، میں خود بھی اس دور میں جیل گیا لیکن اس دوران میں 9 مئی کو تشدد ہوا، خوف کی وجہ سے لوگ چپ رہے اُس وقت بھی ہمارے کارکن شہید ہوئے لیکن 26 نومبر پر بات کریں یہ واقعہ بھولنے نہیں دیں گے، سانحہ ڈی چوک نہ بھولے ہیں نہ کسی کو بھولنے دیں گے، جو ملوث ہیں اُن کو جواب دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ عرب امارات کے صدر سے سے متعلق تنقید کرنا درست نہیں، تھا بن زاید آل نہیان کے ساتھ بہت اچھے تعلقات ہیں، جب ہماری حکومت تھی تب بھی انہوں نے ہماری بہت مدد کی تھی۔

بقیہ 20

دستاویز کے مطابق 399 ایلس سروس مین کی بطور کنٹرکٹ پروفیشن فورس تعیناتی کا فیصلہ کیا گیا ہے، وفاقی حکومت کی جانب سے ایک بار پھر پارا چنار میں ایف آئی اے سائبر ونگ قائم ہوگا، تمام بنکرز کو یکم فروری 2025 تک ختم کرنے کے لیے پلان کی تیاری پر کام جاری ہے۔ دستاویز میں بتایا گیا ہے کہ بنکرز کا خاتمہ ضلعی انتظامیہ اور پولیس کرے گی، 15 دنوں کے اندر اسلحہ جمع کرنے کا پلان ترتیب دیا جائے گا، انٹاس کمیٹی فیصلے کے مطابق یکم فروری تک تمام اسلحہ جمع کیا جائے گا، جمع کئے جانے والے اسلحے کا ڈیجیٹائزر ریکارڈ مرتب کیا جائے گا۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق جمع کیے جانے والے اسلحے کی نگرانی کی ذمہ داری ضلعی انتظامیہ کی ہوگی، مقامی لوگوں کو اسلحہ حکومت کو فروخت کرنے کی پیشکش بھی کی جائیگی، اسلحہ رجسٹریشن کے لیے کرم میں خصوصی ڈیسک قائم کیا جائیگا۔

بقیہ 21

ہوا جہاں گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے قائمہ کمیٹی کو معاشی صورتحال پر بریفنگ دی۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے بتایا کہ مانیٹری پالیسی کمیٹی نے مہنگائی پر قابو پانے کیلئے سخت پالیسی اختیار کی، مئی 2023 میں مہنگائی 38 فیصد پر پہنچ چکی تھی اور جون 2022 میں شرح سود 22 فیصد پر پہنچ گئی تھی، جون 2022 کے بعد مہنگائی کم ہوئی تو شرح سود کو کم کیا گیا۔ گورنر نے کہا کہ میڈیم ٹرم مہنگائی 5 سے 7 فیصد تک رہنے کا ہدف ہے، ہمارے خیال میں مالی سال کی آخری سہ ماہی میں اتار چڑھاؤ رہے گا، آئندہ مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں بھی رسک برقرار رہیں گے۔ اس پر سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ مہنگائی کے حساب سے 13 فیصد شرح سود زیادہ ہے، اس پر گورنر نے جواب دیا کہ گزشتہ 3 سالوں میں مہنگائی تاریخ کی بلند سطح پر رہی، مہنگائی 38 فیصد اور شرح سود 22 فیصد تک ہو گیا تھا، اسٹیٹ بینک نے افراط زر کو کم کرنے کیلئے متعدد اقدامات کیے۔ جمیل احمد نے کہا کہ مشکلات کے باوجود مہنگائی میں نمایاں کمی کی گئی، رواں مالی سال کی آخری سہ ماہی تک مہنگائی کے حوالے سے استحکام آ جائے گا اور رواں مالی سال مہنگائی سنگل ڈیجیٹ میں رہنے کا اندازہ ہے۔

بقیہ 22

ساعت کی، شہباز شریف کی جگہ ان کے پلیڈر انوار حسین حاضری کیلئے پیش ہوئے۔ دوران ساعت حمزہ شہباز کی جانب سے ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست دائر کی گئی جسے عدالت نے منظور کر لیا۔ فاضل جج کی لاہور ہائیکورٹ میں میٹنگ کی وجہ سے کارروائی نہیں ہو سکی۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر بریت کی درخواست پر دلائل طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت 13 جنوری تک ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ شہباز شریف اور حمزہ شہباز نے بریت کی درخواست دائر کر رکھی ہے۔

بقیہ 23

ارشاد، نائب صدر خالد شاہ، جوائنٹ سیکرٹری سردار نثار تبسم، جوائنٹ سیکرٹری حبیب شبیر، جوائنٹ سیکرٹری غلام نبی کشمیری، فنانس سیکرٹری سردار عمران اعظم، سیکرٹری اطلاعات علی حسنین نقوی اور ممبران ایگزیکٹو باڈی سردار طلحہ جاوید، قاضی صفیر، راجہ احسن حمید، اللہ داد صدیقی، سردار ندیم اقبال، راجہ ظہور عالم، لیاقت مغل، راجہ خرم زاہد کو منتخب ہونے پر مبارک باد پیش کرتی ہے۔ پارلیمنٹیرین رپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کشمیر جرنلسٹس فورم کے نومنتخب عہدیداروں سے توقع کرتی ہے کہ وہ صحافت اور آزاد اظہار رائے کے لئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 24

کی ڈگریاں تصدیق کی منتظر ہیں، پہلے ان یونیورسٹیوں کا پتا لگا رہے جن کے کیمپسز ایچ ای سی سے منسلک ہوتے ہیں جب ڈگری ختم ہوتی ہو تو پتا چلتا ہے کہ ان کی ایفی لیشن ایچ ای سی نے ختم کر دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب ہم ڈگری پروگرامز کی کنٹریبیشن اور درد پیش مسائل پر غور کر رہے ہیں، ہم ان تیس ہزار طلباء کی ڈگری کی تصدیق کے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں گے، ہم اب ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اور ایچ ای سی کو بلا رہے ہیں تاکہ مسائل کا حل تلاش کیا جا سکے، صوبوں اور وفاق کے درمیان ڈگریوں کی تصدیق کے مسئلے پر موجود کنفیوژن کو ختم کیا جا سکے، ایچ ای سی میں ڈگری تصدیق کیلئے آنے والے اسٹوڈنٹس کو درپیش مسائل پر جلد ایکشن لینگے۔ انہوں نے کہا کہ اٹھارویں ترمیم بہت اچھی چیز ہے اس سے اپنی صلاحیتوں کا پتا چلتا ہے، آپس کی سیاسی لڑائی سے بچوں کیلئے مسائل پیدا کر رہے ہیں تو یہ سوچنا چاہیے، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ کو سوچنا ہوگا اپنی سیاست کیلئے طلباء کے کیلئے مسائل پیدا ہوں گے۔

بقیہ 25

جے یو آئی ف نے بلوچستان بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان کیا ہے، امیر جے یو آئی بلوچستان مولانا عبدالواسع کا کہنا ہے کہ جب تک حق نہیں ملتا احتجاج جاری رہے گا۔

بقیہ 26

مزید بتایا کہ خالد مقبول صدیقی اور دیگر رہنماؤں کی ان لگی قیادت سے ملاقات آئندہ ہفتے متوقع ہے، سندھ سے بھی کچھ ن لیگی رہنما قلمدان وفاق میں حکومتی عہدے کے خواہشمند ہیں۔

بقیہ 27

وظر پے پر بھی سمجھوتہ نہیں کیا، مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ پاکستان کو اسلامی ریاست بنانا، ہمارے اکابرین کا پارلیمانی کردار ہے، مل

City News

سٹی نیوز

اسلام آباد: دیامر یوتھ انٹی کرپشن موومنٹ گلگت بلتستان کے چیئرمین مبشر آربی کے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اجرتی قاتل نے عمرے کے ٹکٹ کے عوض قتل کیا، واردات کا معمہ حل

لاہور پولیس نے یکم جنوری کو سبزہ زار میں ہونے والے قتل کا معمہ حل کرتے ہوئے شوٹر کو گرفتار کر لیا

لاہور (نمائندہ) پولیس نے یکم جنوری کو سبزہ زار میں ہونے والے قتل کا معمہ حل کرتے ہوئے عثمان نامی شوٹر کو گرفتار کر لیا، مقتول کے ہم زلف نے اسے قتل کرانے کیلئے اجرتی قاتل کو ہائر کیا تھا، اور قتل کے عوض اسے عمرے کے دو ٹکٹ دیئے۔ پولیس کے مطابق لاہور میں نئے سال کے پہلے دن ہونے والے ریاض نامی شخص کے قتل کا معمہ حل کرتے ہوئے قاتل عثمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے، عثمان اجرتی قاتل ہے جس کی خدمات مقتول ریاض کے ہم زلف امتیاز نے حاصل کی تھیں، اور قتل کے عوض اسے دو عمرے کے دو ٹکٹ دیے تھے جبکہ تیس ہزار روپے اور موٹر سائیکل بھی دینے کا وعدہ کیا تھا۔ پولیس کے مطابق قتل کی واردات مکان کے تنازع پر ہوئی، شوٹر کو مقتول کے موبائل فون پر آنے والی موبائل فون کال سے ٹریس کیا گیا، مقتول اپنی اہلیہ کے ہمراہ بدھ بازار خریداری کے لیے آیا تھا جہاں اسے گولیوں کا نشانہ بنایا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ کرائے کا قاتل مقتول کے ہم زلف کے ساتھ جائے وقوعہ تک آیا تھا جسے گرفتار کر لیا گیا ہے۔

راولپنڈی: اہم شاہراہوں کی دھلائی اور صفائی ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت جاری ہے

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت اہم اجلاس

آر پی اوز، سی پی اوز، ڈی پی اوز سمیت سینئر افسران کی بذریعہ ویڈیو لنک شرکت

لاہور (نمائندہ) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں آر پی اوز، سی پی اوز اور ڈی پی اوز سمیت سینئر افسران نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ آئی جی پنجاب نے لاہور سمیت صوبہ بھر کے تھانوں، چیکنگ پائنٹوں سمیت غیر ملکی شہریوں اور حساس مقامات کی سکیورٹی کا جائزہ لیا۔ آئی جی پنجاب نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ خوارجی دہشت گردوں، شر پسند عناصر کے شہریوں اور سکیورٹی اہلکاروں پر بڑھتے حملوں کے پیش نظر صوبہ بھر کی سکیورٹی بڑھا دی جائے۔ چینی و غیر ملکی شہریوں، ماہرین، ڈویلپمنٹ پراجیکٹس، رہائش گاہوں اور رونس کی سکیورٹی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ آئی جی پنجاب نے بارڈر ایریاز پولیس چیک پوسٹوں پر سکیورٹی انتظامات مزید سخت کرنے کی ہدایت کی۔ پولیس سٹیشنز اور حساس دفاتر کے سکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ تھانوں کے اطراف نائٹ پٹرولنگ، نفری کی حاضری اور سی سی ٹی وی کیمروں کی چیکنگ یقینی بنائیں۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ شر پسند، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ریڈز کے دوران بلٹ پروف جیکٹس اور حفاظتی تدابیر اختیار کریں۔ دہشت گردوں، شر پسند و جرائم پیشہ عناصر کے ممکنہ حملوں سے محفوظ رہنے کے لئے ٹارگٹ ہارڈننگ کریں۔ زیر حراست قیدیوں کی عدالتوں میں پیشی کے موقع پر بھی سکیورٹی ایس او پیز لازمی فالو کریں۔

اسلام گڑھ کے مایہ ناز صحافی عبدالرزاق نیازی انتقال کر گئے

اسلام گڑھ (تحصیل رپورٹر) اسلام گڑھ کے مایہ ناز صحافی، سینٹرل یونین آف جرنلسٹ آزاد کشمیر ضلع میرپور کے سابق صدر۔ سابق صدر پریس کلب، اور شعبہ صحافت کے باصرع عروج پر فائز نابغۂ روزگار شخصیت، چودھری عبدالرزاق نیازی کے سانحہ ارتحال کی خبر نہایت دلگیر اور روح فرسا ہے۔ مرحوم کی علمی و ادبی بصیرت، بے مثال صحافتی کاوشوں اور حق و صداقت کی ترویج کے لیے ان کی مساعی جمیلہ کو تاریخ صحافت میں زریں اور لافانی حروف میں یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے ساری زندگی صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے وقف کیے رکھی۔

82 ویں سالانہ یوم والدین کی تقریب کا انعقاد

راولپنڈی (نمائندہ) کیڈٹ کالج سانگھڑ میں 82 ویں سالانہ یوم والدین کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ مہمان خصوصی کی آمد پر کیڈٹس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی اور گارڈ آف آنر پیش کیا۔ نیول چیف نیکیڈٹس کو بہترین تربیتی سہولیات فراہم کرنے پر فیکلٹی اور انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا۔

رانا تنویر حسین کا ڈیپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کا دورہ

اسلام آباد (نمائندہ) وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر حسین نے ڈیپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کا دورہ کیا۔ پیر کو اپنے دورہ کے دوران وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے ڈی پی پی کی تنظیم نو کے منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور زرعی تحفظ کے فروغ کے لئے ڈی پی پی اصلاحات پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا۔ انہوں نے ڈی پی پی کی کارکردگی میں بہتری لانے کے اقدامات کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

موجودہ صورتحال میں سمجھ لیں کہ حکومت اور اسٹیبلشمنٹ ایک پیج پر ہے

عمران خان کے باہر آنے کا امکان پیدا ہو سکتا ہے۔ سربراہ ضیاء لیگ اعجاز الحق

اسلام آباد (نمائندہ) سربراہ مسلم لیگ ضیاء اعجاز الحق نے کہا ہے کہ موجودہ صورتحال میں سمجھ لیں کہ حکومت اور اسٹیبلشمنٹ ایک پیج پر ہے، اسٹیبلشمنٹ بھی براہ راست مذاکرات میں نہیں بیٹھتی، حکومت کی طرف سے بھی کوئی ڈیمانڈ نہیں ہوتی، مذاکرات میں اگر طے ہو گیا تو عمران خان کے باہر آنے کا امکان پیدا ہو سکتا ہے۔ انہوں نے اے آر وائی نیوز کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جب تحریری مطالبات سامنے آئیں گے تو پھر پتا چلے گا کہ بات آگے بڑھ سکتی ہے یا نہیں۔ عمران خان کے باہر آنے کا انحصار عدالت پر ہوگا، مذاکرات میں اگر بات طے ہو گئی تو پھر باہر آنے کا امکان پیدا ہو سکتا ہے، عمران خان کی رہائی ایگزیکٹو آرڈر سے نہیں بلکہ عدالتوں کے ذریعے ہوگی۔ تاریخ تو ہم جانتے ہیں اگر پک ہوگی کیسز کے فیصلے بھی ٹھیک ہوں گے۔ ایک مثال دیتا ہوں کہ جب نواز شریف 1999 میں جیل میں تھے، تو ایک دو بار ان سے ملاقات ہوئی تو وہ نہیں مانے، لیکن ان کا موڈ بنا تو ایک مہینے میں طے بھی ہو گیا، جہاز بھی آ گیا، سامان بھی لوڈ ہو گیا۔ میں نے نواز شریف سے اسمبلیوں کی بحالی اور ن لیگ میں کسی کو وزیر اعظم بنانے کی بات کی تھی۔ مذاکرات میں حکومت کی طرف سے کوئی ڈیمانڈ یا اسٹیبلشمنٹ بھی مذاکرات میں نہیں بیٹھے گی۔ جب اسٹیبلشمنٹ بیٹھی تب ملک میں مارشل لاء تھا، اس اگر بات ہو رہی ہے تو اس کا مطلب کہ حکومت اور اسٹیبلشمنٹ ایک پیج پر ہے۔ پی ٹی آئی کی جب ڈیمانڈ آئیں گی تو چیزیں کھل جائیں گی۔ پھر وزیر اعظم اور سب سے بات اور مشاورت ہوگی۔ مزید برآں مرکزی رہنماء پی ٹی آئی اسد قیصر نے کہا کہ عمران خان نے زور دیا کہ حکومت میں آیا تو کسی سے بدلہ یا انتقام نہیں لوں گا، ایسا نظام بنائیں گے کہ کرپٹ کو نظام خود پکڑے گا۔

چیئرمین سی ڈی اے کا سرینا چوک اور جناح ایونیو انٹرچینج منصوبوں کا دورہ

منصوبوں پر جاری تعمیراتی سرگرمیوں کے حوالے سے متعلقہ حکام نے چیئرمین سی ڈی اے کو بریفنگ دی

اسلام آباد (نمائندہ) چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے سرینا چوک اور جناح ایونیو انٹرچینج منصوبوں کا دورہ کیا اور منصوبوں پر جاری تعمیراتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ سی ڈی اے کی جانب سے جاری بیان کے مطابق منصوبوں پر جاری تعمیراتی سرگرمیوں کے حوالے سے متعلقہ حکام نے چیئرمین سی ڈی اے کو بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ خیابان سہروردی روڈ پر انڈر پاس اور اس سے منسلک رابطہ سڑکوں کی کارپٹنگ پر کام تکمیلی مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے انڈر پاس کے ساتھ سلپ روڈز اور رابطہ سڑکوں کو عوام کے لیے کھولنے کی ہدایت کی اور کہا کہ منصوبے میں شامل سلپ روڈز اور رابطہ سڑکوں کو عوام کی سہولت کی خاطر مرحلہ وار کھولا جائے۔ بریفنگ میں بتایا کہ سرینا انٹرچینج اور کنگ چوک کے انڈر پاسز سمیت تمام حصوں پر تعمیراتی کام جاری ہے، سرینا انٹرچینج منصوبے میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کر کے 24 گھنٹے تعمیراتی سرگرمیاں جاری ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے سرینا انٹرچینج اور جناح ایونیو انٹرچینج منصوبے کے افتتاح سے قبل اس کے بلڈ سٹرکچر اور تزئین و آرائش کا کام شروع کرنے کی ہدایت کی۔ چیئرمین سی ڈی اے کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ جناح ایونیو انٹرچینج میں شامل فلائی اوور کی ٹرانزمس اور کنکریٹ کا کام تکمیلی مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔

اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے اردل روم کا انعقاد

پولیس افسران کے حل طلب مسائل کے موقع پر ہی احکامات جاری کئے گئے

اسلام آباد (نمائندہ) اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ عبدالحق عمرانی نے پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے نے اردل روم کا انعقاد کیا جس میں پولیس افسران نے ٹرانسفر و پوسٹنگ، دیگر سرکاری اور ذاتی نوعیت کے مسائل اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ کے سامنے رکھے، حل طلب مسائل کے موقع پر ہی احکامات جاری کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ انسپکٹر جنرل آف پولیس اسٹیبلشمنٹ عبدالحق عمرانی نے سنٹرل پولیس آفس میں پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں پولیس افسران نے شرکت کی، اردل روم میں پولیس افسران نے ٹرانسفر و پوسٹنگ، دیگر سرکاری اور ذاتی نوعیت کے مسائل اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ کے سامنے رکھے، حل طلب مسائل کے موقع پر ہی احکامات جاری کئے گئے باقی مسائل کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے۔

راولپنڈی: نصیر آباد پولیس کی کارروائی، پتنگ سپلائر گرفتار، 1000 پتنگیں اور 45 ڈوریں برآمد

سنگین جرائم میں ملوث دو مجرمان سمیت 15 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (نمائندہ) پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث دو مجرمان سمیت 15 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ آبپارہ، تھانہ مارگلہ، تھانہ شالیمار، تھانہ گولڑہ، تھانہ سنگجانی، تھانہ سہالہ، تھانہ لوہی بھیر، تھانہ سبزی منڈی اور تھانہ بہارہ کہو پولیس ٹیموں نے 13 ملزمان کو گرفتار کر کے ان قبضہ سے 526 بوتلیں شراب، 120,1 گرام چرس، 038,1 گرام ہیروئن، 06 عدد پستول اور ایک خنجر برآمد کر لیا۔

معمولی تلخ کلامی پر شہری کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ) مورگاہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو روز قبل چاقو کے وار سے شہری کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق ملزم ذیشان نے معمولی تلخ کلامی پر شہری طاہر کو زخمی کیا جو ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ ملزم واقعے کے بعد فرار ہو گیا تھا جسے ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے ٹریس کر کے گرفتار کیا گیا۔ ایس پی پنجوبار نے بتایا کہ ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

آرٹس کونسل میں شانزے نورین کے فن پاروں کی نمائش

راولپنڈی (نمائندہ) پنجاب آرٹس کونسل میں مری سے تعلق رکھنے والی آرٹسٹ شانزے نورین کے فن پاروں کی نمائش کا اہتمام کیا گیا۔ نمائش میں مصورہ کی 70 سے زائد پینٹنگز رکھی گئیں ہیں۔ جو ان کے فن کی تخلیقی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ پارلیمانی سیکرٹری محکمہ اطلاعات و ثقافت شازیہ رضوان اور چیف ٹریفک پولیس آفیسر راولپنڈی محترمہ بینش فاطمہ نے نمائش کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر آرٹس کونسل سجاد حسین، ڈپٹی ڈائریکٹر محمد شکور اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد سلیمان بھی مہمان خصوصی کے ہمراہ تھے۔

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں اہم اجلاس کا انعقاد۔

عبدالعلیم خان کا اعتزاز حسن بنگش کی برسی پر خراج عقیدت

اسلام آباد (نمائندہ) استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان نے اعتزاز حسن بنگش کی برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے قوم کے اس سپوت کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، اعتزاز حسن بنگش انتہائی بہادر انسان تھے جنہوں نے اپنی زندگی کی قیمت پر درجنوں طالب علموں کی جان بچائی، 2014 میں اپنی جان کی پروا کئے بغیر خودکش حملہ آور کو سکول میں داخل ہونے سے روکا۔ قوم اس عظیم سپوت کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔

موٹر سائیکل چوری، سابقہ ریکارڈ یافتہ منظم گروہ کا رکن گرفتار

اسلام آباد (نمائندہ) پولیس تھانہ لوہی بھیر پولیس ٹیم نے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب سابقہ ریکارڈ یافتہ منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کر کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے چھ مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ لوہی بھیر پولیس ٹیم نے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے چھ مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لئے گئے، ملزم کی شناخت محمد راحیل کے نام سے ہوئی ہے۔

ہولی فیملی ہسپتال میں ہیلتھ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کا آغاز

راولپنڈی (نمائندہ) حکومت پنجاب کے وژن کے مطابق ہولی فیملی ہسپتال میں ہیلتھ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کا کامیاب آغاز کر دیا گیا ہے جو صحت کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب ایک انقلابی قدم ہے۔ اس منصوبے میں وائس چانسلر ڈاکٹر عمر، ایم ایس اعجاز بٹ اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی ٹیم نے مرکزی کردار ادا کیا۔ اس نظام کی مدد سے مریضوں کے ڈیٹا کا بہتر انتظام، علاج معالجے کی تیز رفتاری اور صحت کی سہولیات کی شفافیت ممکن ہو سکے گی۔

شہری، پولیس افسران مسائل حل کیلئے آئی جی کی کھلی کچہری میں پیش

آئی جی نے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں

اسلام آباد (نمائندہ) شہری اور پولیس افسران اپنے مسائل کے حل کیلئے آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی کھلی کچہری میں پیش ہوئے، آئی جی اسلام آباد نے شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت کھلی کچہری کا انعقاد کیا، آئی جی اسلام آباد نے شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں، انہوں نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا میرٹ پر بروقت حل ہماری اولین ترجیح ہے، کسی بھی شہری کو پولیس کے متعلق کوئی بھی مسئلہ درپیش ہو تو وہ کھلی کچہری میں آ سکتا ہے، میرے دروازے ہمیشہ اپنے شہریوں کے لئے کھلے ہیں، آئی جی اسلام آباد نے شہریوں کی شکایات پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مقرر کردہ ٹائم فریم میں درخواستوں کو میرٹ پر حل کر کے رپورٹ سنٹرل پولیس آفس بھجوائیں، انہوں نے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات دیں کہ وہ اپنے دفاتر میں مقررہ کئے گئے ٹائم کی پابندی کریں۔

فری آئی کیمپ کا انعقاد، ڈرائیورز کو مفت چشمے اور ادویات فراہم کیں

کثیر تعداد میں ڈرائیورز مستفید ہوئے اور موٹروے پولیس کے اس اقدام کو سراہا

اسلام آباد (نمائندہ) آئی جی موٹروے پولیس کی خصوصی ہدایت پر موٹروے ایم-ٹو) مین ٹول پلازہ اسلام آباد) پر فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈرائیورز کو مفت چشمے اور ادویات فراہم کی گئیں جبکہ آئی جی موٹروے پولیس رفعت مختار راجہ نے کہا ہے کہ محفوظ سفر کیلئے صحت مند نظر کا کلیدی کردار ہے۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی موٹروے پولیس رفعت مختار راجہ کی خصوصی ہدایت پر موٹروے ایم-ٹو) مین ٹول پلازہ اسلام آباد) پر فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ کیمپ کا مقصد موٹروے استعمال کرنے والے ڈرائیورز بالخصوص مسافر بردار گاڑیوں کے ڈرائیور اور ٹرک ڈرائیورز کی آنکھوں کا مفت معائنہ تھا اس کے علاوہ بلڈ پریشر اور شوگر ٹیسٹ بھی کیے گئے۔ ایسے ڈرائیورز جن کی آنکھیں کمزور تھیں انہیں موقع پر مفت چشمے اور ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ فری کیمپ جو کہ الشفائی ٹرسٹ ہسپتال کے تعاون سے لگایا گیا تھا، کثیر تعداد میں ڈرائیورز مستفید ہوئے اور موٹروے پولیس کے اس اقدام کو سراہا۔ اس موقع پر آئی جی موٹروے پولیس رفعت مختار راجہ نے پیغام دیا کہ محفوظ سفر کیلئے ڈرائیور کی نظر کا صحیح ہونا ضروری ہے تاکہ حادثات پر قابو پایا جا سکے۔

سال 2024ء پنجاب پولیس پروموشنز کا سال رہا

4500 سے زائد پولیس افسران و اہلکاروں کو اگلے عہدوں پر ترقیاں دی گئیں، ترجمان

لاہور (نمائندہ) سال 2024 پنجاب پولیس کا ریکارڈ پروموشنز کا سال رہا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ سال 2024ء میں 04 ہزار 500 سے زائد پولیس افسران و اہلکاروں کو اگلے عہدوں پر ترقیاں دی گئیں جبکہ 12 ڈی ایس پیز کو ایس پی، 92 انسپکٹرز کو ڈی ایس پیز کے عہدے پر ترقیاں دی گئیں۔ اسی طرح 394 سب انسپکٹرز کو انسپکٹرز، 131 ٹریفک وارڈنز کو سینئر ٹریفک وارڈنز کے عہدے پر ترقی دی گئی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ 887 اے ایس آئز کو سب انسپکٹرز، 857 ہیڈ کانسٹیبلز کو اے ایس آئز کے عہدوں پر پروموٹ کیا گیا اس کے علاوہ 1730 کانسٹیبلز نے ہیڈ کانسٹیبلز کے عہدے پر ترقی حاصل کی۔ ترجمان نے مزید تفصیلات سے آگاہ کیا کہ 19 درجہ چہارم سٹاف، 27 جونیئر کلرکس، 19 سٹینوگرافرز کو بھی ترقیاں دی گئیں۔ اسی طرح 16 سینئر سکیل سٹینو گرافرز، 01 پرائیویٹ سیکرٹری اور ایک اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو بھی اگلے عہدوں پر پروموٹ کیا گیا، جبکہ سپیشل برانچ میں ٹیکنیکل کیڈر سمیت دیگر 73 ملازمین کو اگلے عہدوں پر ترقی دی گئی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ افسران کو اگلے عہدوں کے ریک لگا کر عزت افزائی بھی کی۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ 02 سال کے دوران تقریباً 26 ہزار ریکارڈ تھکمانہ پروموشنز دی گئیں۔

کمانڈنٹ کیپیٹل پولیس کالج شاکر حسین داؤڑ کی ہدایات کی روشنی میں کیپیٹل پولیس کالج اسلام آباد میں پولیس افسران کی پیشہ ورانہ تربیت کا سلسلہ جاری۔

دیہی مراکز صحت کی ریویمپنگ تیزی سے تکمیل کی طرف گامزن ہیں، صوبائی وزیر

دسمبر میں 250 شکایات موصول ہوئیں جن میں سے 70 فیصد شکایات کا ازالہ ہوا، بیان

لاہور (نمائندہ) صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ روڈ میپ پروگرام کے اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے شروع کئے گئے صحت عامہ کے منصوبے، ورٹیکل پروگرامز اور منسٹر شکایت سیل پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت کو پنجاب ہیلتھ روڈ میپ ٹیم کے سربراہ عبداللہ ہارون نے بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا ہے کہ محکمہ صحت میں قائم منسٹر شکایت سیل میں موصولہ شکایات کے ازالہ کے عمل کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ شکایات کے ازالہ سے متعلق تمام ایم ایس صاحبان کی ٹریننگ مکمل ہو گئی ہے۔ وزیر صحت پنجاب کا کہنا ہے کہ تمام شکایات کے ازالہ کی تصدیق کے لئے کال سنٹر خود شہریوں سے رابطہ کرے گا۔ گزشتہ دسمبر میں 250 شکایات موصول ہوئیں جن میں سے 70 فیصد شکایات کا ازالہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ اگلے ہفتہ تمام ورٹیکل پروگرامز کی کارکردگی کا خود جائزہ لوں گا۔ سست روی پر متعلقہ افسران کا احتساب کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تمام بنیادی و دیہی مراکز صحت کی ریویمپنگ تیزی سے تکمیل کی طرف گامزن ہیں۔

شہریوں کو غیر قانونی یورپ بھجوانے میں ملوث ملزم ایف آئی اے کی حراست میں

لاہور پولیس جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے ہمہ وقت الرٹ ہے، ڈی آئی جی

ڈولفن سکواڈ نے اندرون شہر وارداتوں کی فگفتی کرنے والا گینگ بھائی گیٹ سے گرفتار کر لیا

لاہور (نمائندہ) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا ہے کہ لاہور پولیس جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے ہمہ وقت الرٹ ہے۔ موثر پٹرولنگ، ناکہ بندی اور سرچ آپریشنز کے نتیجے میں خاطر خواہ کامیابیاں ملیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈولفن سکواڈ نے اندرون شہر وارداتوں کی فگفتی کرنے والا گینگ بھائی گیٹ سے گرفتار کر لیا۔ دوران گروہ نے صرف اندرون شہر میں مجموعی طور پر 88 وارداتیں کی۔ گرفتار ملزمان میں فیروز خان اور وقاص شامل ہیں۔ ڈولفن ٹیم کو دوران گرفتاری ملزمان کی طرف سے شدید مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔ ملزمان کے خلاف منشیات، ڈکیتی، چوری، جھپٹا و دیگر سنگین جرائم کے مقدمات درج ہیں۔ اسی طرح ڈولفن سکواڈ نے واردات کی نیت سے شہریوں کی ریکی کرنے والے 2 ملزمان شادباغ سے گرفتار کر لئے۔ ڈولفن ٹیم نے دوران پٹرولنگ 2 مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا جس پر وہ گرفتاری سے بچنے کیلئے ٹوکے والا چوک کی طرف فرار ہو گئے۔ ڈولفن ٹیم نے تعاقب کے بعد دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں سیف اور علی شامل ہیں۔ ملزمان کے قبضہ سے 1 پستول، موٹر سائیکل، گولیاں و میگزین برآمد کی گئیں۔ ملزمان کے زیر استعمال موٹر سائیکل بھی چوری کی نکلی۔ گرفتار ملزمان چوری و ڈکیتی کے 22 سے زائد مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھے۔ چوکی اعوان ڈھائے والا پولیس نے خفیہ اطلاع پر مشہور بدنام زمانہ منشیات فروش عدیل کو منشیات سمیت گرفتار کر لیا۔ ملزم سے ڈیڑھ کلو سے زائد چرس اور 120 گرام آئس برآمد کی گئی۔

ڈی آئی جی اسلام آباد سید علی رضا کی انڈسٹریل ایریاز ون کے افسران سے میٹنگ۔

ڈولفن سکواڈ کی شہر بھر میں کارروائیاں جاری، دو رکنی گینگ گرفتار

50 سے زائد مقدمات میں مطلوب 2 ملزمان بھائی گیٹ سے گرفتار

لاہور (نمائندہ) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا ہے کہ لاہور پولیس جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے ہمہ وقت الرٹ ہے۔ موثر پٹرولنگ، ناکہ بندی اور سرچ آپریشنز کے نتیجے میں خاطر خواہ کامیابیاں ملیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈولفن سکواڈ نے اندرون شہر وارداتوں کی فگفتی کرنے والا گینگ بھائی گیٹ سے گرفتار کر لیا۔ دوران گروہ نے صرف اندرون شہر میں مجموعی طور پر 88 وارداتیں کی۔ گرفتار ملزمان میں فیروز خان اور وقاص شامل ہیں۔ ڈولفن ٹیم کو دوران گرفتاری ملزمان کی طرف سے شدید مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔ ملزمان کے خلاف منشیات، ڈکیتی، چوری، جھپٹا و دیگر سنگین جرائم کے مقدمات درج ہیں۔ اسی طرح ڈولفن سکواڈ نے واردات کی نیت سے شہریوں کی ریکی کرنے والے 2 ملزمان شادباغ سے گرفتار کر لیے۔ ڈولفن ٹیم نے دوران پٹرولنگ 2 مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا جس پر وہ گرفتاری سے بچنے کیلئے ٹوکے والا چوک کی طرف فرار ہو گئے۔ ڈولفن ٹیم نے تعاقب کے بعد دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں سیف اور علی شامل ہیں۔ ملزمان کے قبضہ سے 01 پستول، موٹر سائیکل، گولیاں و میگزین برآمد کی گئیں۔ ملزمان کے زیر استعمال موٹر سائیکل بھی چوری کی نکلی۔ گرفتار ملزمان چوری و ڈکیتی کی 22 سے زائد مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھے۔ چوکی اعوان ڈھائے والا پولیس نے خفیہ اطلاع پر مشہور بدنام زمانہ منشیات فروش عدیل کو منشیات سمیت گرفتار کر لیا۔ ملزم سے ڈیڑھ کلو سے زائد چرس اور 120 گرام آئس برآمد کی گئی۔ ملزم نے مضافاتی علاقوں میں نوجوان نسل کو منشیات بیچنے کا اعتراف بھی کیا۔ کابند پولیس نے والد کے پیسے چرا کر جوا کھیلنے والے بیٹے ملزم شاکر کو گرفتار کر لیا۔

صدر ملی یکجہتی کونسل پاکستان ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر کی پریس کانفرنس

علامہ عارف واحدی، پیر سید صفدر شاہ گیلانی، نذیر جنجوعہ و دیگر بھی موجود تھے

لاہور (نمائندہ) صدر سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل پاکستان ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر نے کہا ہے کہ کرم و پاراچنار خطرناک صورت حال اختیار کر چکا ہے، مرکزی و صوبائی حکومت سیکیورٹی فورسز پورا زور لگانے کے باوجود وہاں امن قائم کرنے میں ناکام نظر آتی ہیں، علاقہ میں حکومتی، سرکاری حکام محفوظ نہیں تو عوام کا کیا حال ہوگا ڈپٹی کمشنر کے قافلے پر دہشت گردی کے واقعہ کے بعد پورے ملک میں سراسیمگی پھیلی ہوئی ہے، ایک منظم سازش کے تحت فرقہ واریت کو ہوا دی جا رہی ہے تاکہ یہ آگ ملک میں پھیلائی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے علما کونسل پاکستان کے چیئرمین صاحبزادہ زاہد محمود قاسمی کی میزبانی میں ہونے والے ملی یکجہتی کونسل پاکستان کی مرکزی مجلس عاملہ کے اجلاس کے بعد سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت لوچ کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر خرم نواز گنڈاپور، قاری یعقوب شیخ، علامہ عارف واحدی، پیر سید صفدر شاہ گیلانی، نذیر جنجوعہ و دیگر بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر صاحبزادہ